Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 12 پیر، 4 اپریل 2022ء، 2 رمضان المبارک 1443ھ، 22 چیت 2079ب، قیمت 20 روپے شمارہ 336

کوئی ماورائے آئین اقدام نہ اٹھایا جائے سپریم کورٹ

صدارتی حکم اور اسپیکر کی ''متنازع'' رولنگ کے پیش نظر ازخود نوٹس کی سماعت میں ریمارکس دیے کہ اقدامات کیے جاچکے ہیں ابھی حکم امتناعی نہیں دے سکتے، چیف جسٹس عمر عطا بندیال

ڈپٹی اسپیکر کی جانب سے دی گئی رولنگ کی کیا حیثیت ہوگی اور اس ضمن میں آئینی ارٹیکل 5 میں دی گئی پابندی کا مکمل علم ہے، کیس کل تک ملتوی کر دیا گیا

اسلام آباد، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد(بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے قومی اسمبلی تحلیل کرنے کے صدارتی حکم اور اسپیکر کی 'متنازع' رولنگ کے پیش نظر ازخود نوٹس کی سماعت میں ریمارکس دیے کہ اقدامات کیے جاچکے ہیں ابھی حکم امتناعی نہیں دے سکتے۔ بینچ میں چیف جسٹس عمر عطا بندیال، جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس اعجاز الاحسن شامل ہیں، سماعت کے دوران (بقیہ نمبر 1)

ڈپٹی اسپیکر نے آئینی عمل مکمل نہیں ہونے دیا، سلمان اکرم راجہ

اگر عدالت مداخلت کرے تو صدر کو اسمبلیاں توڑنے کی ایڈوائس مسترد کی جاسکتی ہے

اسلام آباد(این این آئی) ماہر قانون سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ ڈپٹی اسپیکر نے آئینی عمل مکمل نہیں ہونے دیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر عدالت مداخلت کرے تو صدر کو اسمبلیاں توڑنے کی ایڈوائس مسترد کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری نظر میں اسپیکر کی رولنگ غیر آئینی ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ اگر عدالت سمجھتی ہے اسپیکر کا عمل غیر آئینی ہے تو تحریک عدم اعتماد اسی طرح رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 2)

وفاقی کابینہ تحلیل، وزیراعظم برقرار

وزیراعظم نے آئین کے آرٹیکل 58 کے تحت صدر مملکت کو قومی اسمبلی تحلیل کرنے کی ایڈوائس بھیج دی ہے

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم کے خطاب کے بعد وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ آئین کے آرٹیکل 224 کے تحت وزیراعظم اپنی ذمہ داریاں جاری رکھیں گے کابینہ تحلیل کر دی گئی ہے۔ وزیر اطلاعات (بقیہ نمبر 5)

ریڈزون کی خلاف ورزی پر 3 خواتین کارکن گرفتار

اسلام پولیس کے اہلکاروں کو ریڈزون کے باہر کھڑے سیاسی جماعتوں کے کارکنوں پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد میں تحریک عدم اعتماد کے روز ریڈ روز کی خلاف ورزی کرنے پر پاکستان تحریک انصاف کی تین خواتین کارکنان کو گرفتار کرلیا گیا۔ تحریک عدم اعتماد کے معاملے پر قومی اسمبلی (بقیہ نمبر 4)

پاکستان کی صورتحال پر ترکی کو تشویش

پاکستان میں استحکام ہو اور دوستی بڑھے، ترک وزیر خارجہ صورت حال کا جائزہ لے رہے ہیں، انٹرویو

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان میں تحریک عدم اعتماد کے تناظر میں سیاسی صورت حال پر ترکی نے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کو فون کر کے تشویش کا اظہار کیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مجھے ابھی ترکی کے (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم کی تجویز پر صدر مملکت نے قومی اسمبلی تحلیل کر دی

وفاقی کابینہ تحلیل ہوگئی، قوام عام انتخابات کی تیاری کرے، بیرون ملک سے پلانٹ کی گئی سازش ناکام بنانے پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، وزیراعظم کا قوم سے خطاب

اسمبلی تحلیل ہوچکیں اب آئندہ 90 دن میں انتخابات ہوں گے، غداروں اور ضمیر فروشوں عوام میں آؤ، بیرونی سازشوں اور بند کمروں سے باہر نکلو، فرخ حبیب

اسلام آباد(حاجی ندیم سے) صدر مملکت نے وزیراعظم کی تجویز پر قومی اسمبلی توڑ دی جس کے بعد وفاقی کابینہ تحلیل ہوگئی، وزیراعظم نے کہا ہے کہ قوم عام انتخابات کی تیاری کرے، بیرون ملک سے پلانٹ کی گئی سازش ناکام بنانے پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ سرکاری ٹی وی کے ذریعے قوم سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ بیرون ملک سے پلانٹ کی گئی سازش کو آج ڈپٹی اسپیکر نے مسترد کردیا جس پر میں پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، پوری قوم پریشان تھی کہ غداری ہورہی تھی، میں انہیں پیغام دے رہا ہوں کہ اس طرح کی سازش یہ قوم کامیاب نہیں ہونے دے گی، ہم نے آئینی طاقت استعمال کرتے ہوئے تحریک عدم اعتماد کو مسترد کر (بقیہ نمبر 6)

سپیکر و نامزد وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی پنجاب اسمبلی کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

''میرے ساتھ جو ہوا میں اس کا مستحق تھا''، چوہدری سرور

لاہور(این این آئی) برطرف گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے کہا ہے کہ میرے ساتھ جو ہوا ہے میں اس کا مستحق تھا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے چوہدری سرور نے کہا کہ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے، میں نے اپنے (بقیہ نمبر 10)

تین کا ٹولہ نیب کیسز کے خوف میں مبتلا ہے، شاہ محمود قریشی

کیا نظام کے خلاف سازش پاکستان کی عوام برداشت کر پائے گی، کہتا ہوں قوم خاموش نہیں رہے گی

اسلام آباد(این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ اپوزیشن، نیب کیسز کے خوف میں اور کرسی کی لالچ میں مبتلا ہے اس لیے عمران خان کے خلاف سازش کر رہی ہے۔ قومی اسمبلی کے اجلاس سے قبل پارلیمنٹ کی راہداری میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ دیکھنا یہ ہے کہ اگر پاکستان کے خلاف سازش ہو (بقیہ نمبر 9)

وزیراعظم کے خلاف عدم اعتماد آئین کے منافی قرارداد مسترد

کسی غیر ملکی طاقت کو یہ حق نہیں کہ وہ سازش کے تحت پاکستان کی منتخب حکومت کو گرائے، وزیر قانون نے جو نکات اٹھائے ہیں وہ درست ہیں، قاسم خان سوری

اگر ہم غیر مند قوم ہیں تو یہ تماشہ نہیں چل سکتا اور اس پر رولنگ آنی چاہیے۔، وزیر قانون فواد چوہدری ....اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی

اسلام آباد(این این آئی) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری نے اپوزیشن کی جانب سے وزیراعظم عمران خان کے خلاف پیش کی گئی تحریک عدم اعتماد کو آئین کے منافی قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا۔ قومی اسمبلی کا اجلاس اتوار کو صبح ساڑھے 11 بجے طلب کیا گیا تھا جو کچھ تاخیر کیساتھ ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری کی سربراہی میں تقریباً 12 بجکر 5 منٹ پر شروع ہوا۔ جلاس شروع ہوتے ہی پی ٹی آئی ارکان نے عمران خان کے حق میں نعرے (بقیہ نمبر 7)

جو ہوا ادارے کا اس سے کوئی تعلق نہیں ڈی جی آئی ایس پی آر

جو لوگ فوج کو آج کے اقدامات سے جوڑ رہے ہیں وہ جھوٹ بول رہے ہیں، ترجمان پاک فوج میجر جنرل بابر افتخار

اپسولوٹلی ناٹ، ان اقدامات میں فوج کی رضامندی شامل ہونے پر کوئی صداقت نہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

اسلام آباد(این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار نے کہا ہے کہ جو ہوا فوج کے ادارے کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار نے نجی ٹی وی سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جو لوگ فوج کو آج کے اقدامات سے جوڑ رہے ہیں وہ جھوٹ بول رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو کچھ ہوا وہ خالصتاً سیاسی عمل تھا، ان اقدامات سے نہ تو ادارے کا کوئی عمل دخل (بقیہ نمبر 8)

عمران نیازی کی سوچ ہے کہ نہ کھیلوں گا نہ کھیلنے دوں گا، شہباز شریف

عمران نیازی ملک میں جمہوریت کو لپیٹ دینا چاہتے ہیں، ملک میں خلاء پیدا ہوچکا، سپریم کورٹ سے ریلیف ملنے کی امید ہے

عمران نیازی نے غیر آئینی اور غیر قانونی کام کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن پاکستان کی تاریخ میں سیاہ ترین دن گنا جائے گا

اسلام آباد(این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر، صدر مسلم لیگ ن شہباز شریف نے کہا ہے کہ عمران نیازی کی سوچ ہے کہ نہ کھیلوں گا نہ کھیلنے دوں گا، عمران نیازی ملک میں جمہوریت کو لپیٹ دینا چاہتے ہیں، ملک میں خلاء پیدا ہوچکا، سپریم کورٹ سے ریلیف ملنے کی امید ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمران نیازی نے غیر آئینی وقانونی کام کیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ عمران خان کی حرکت کے خلاف عدالت جا رہے ہیں، پوری اپوزیشن کو غدار قرار دیا گیا اور اسپیکر نے عجلت میں تحریک کو رد کر (بقیہ نمبر 17)

عمران خان ہارا نہیں ذلت اور رسوائی کے ساتھ بھاگا ہے، مولانا فضل الرحمان

آگاہ کیا تھا یہ شخص دماغی و ذہنی کیفیت کی بنیاد پر ملک کا وزیراعظم بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا

اسلام آباد(این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ عمران خان ہارا نہیں بلکہ انتہائی ذلت اور رسوائی کے ساتھ (بقیہ نمبر 23)

مسلم لیگ ن کے رکن اسمبلی اویس لغاری پنجاب اسمبلی کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

تحریک عدم اعتماد مسترد ہونے پر شہباز شریف کے ردعمل کی ویڈیو

اسلام آباد(این این آئی) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری کی جانب سے تحریک عدم اعتماد مسترد کرنے پر اپوزیشن لیڈر شہباز شریف کے رد عمل کی ایک ویڈیو سامنے آگئی ہے۔ ویڈیو میں شہباز شریف کو تحریک عدم اعتماد کے مسترد کیے جانے پر منہ پر انگلی رکھے گھورتے دیکھا جاسکتا ہے۔ سوشل میڈیا پر شہباز شریف کی ویڈیو وائرل ہوگئی جس پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے مختلف رد عمل کا اظہار (بقیہ نمبر 12)

آئین کی پامالی بہادری نہیں، سیاسی خودکشی ہے، اسحاق ڈار

عمران نیازی نے پاکستان کو سنگین آئینی بحران سے دوچار کر دیا ہے جو شرمناک ہے

لندن (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ آئین کی پامالی بہادری نہیں، سیاسی خودکشی ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں سابق (بقیہ نمبر 11)

وفاقی کابینہ تحلیل کردی گئی، فواد چوہدری

آئین کے آرٹیکل 224 کے تحت وزیراعظم اپنی ذمہ داریاں جاری رکھیں گے، بیان

اسلام آباد(این این آئی) صدر کی جانب سے اسمبلی تحلیل کرنے کے بعد وفاقی کابینہ بھی تحلیل کر دی گئی۔ سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے ٹوئٹر پر جاری بیان میں کہا کہ آئین کے آرٹیکل 224 کے تحت وزیراعظم اپنی ذمہ داریاں جاری رکھیں گے جبکہ کابینہ تحلیل کر دی گئی

وزیراعظم عمران خان کا قوم سے خطاب سے پہلے پی ٹی آئی اراکین کے ساتھ گروپ فوٹو

مونس الٰہی نے علیم خان گروپ کے مزید تین ارکان توڑ لئے

لاہور(این این آئی) مسلم لیگ (ق) کے رہنما مونس الٰہی نے علیم خان گروپ کے مزید تین ارکان توڑ لئے۔ بتایا گیا ہے کہ علیم خان گروپ کے اشرف رند، عون ڈوگر اور علمدار قریشی وزارت اعلیٰ کے امیدوار پرویز الٰہی کو ووٹ دیں گے، علیم خان گروپ کے منحرف ارکان نے پرویز الٰہی (بقیہ نمبر 24)

یو این مشن کانگو میں شہید ہونے والے اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا

آرمی چیف جنرل قمر جاوید، حاضر و ریٹائرڈ فوجی افسران نے شرکت کی

راولپنڈی (این این آئی) اقوام متحدہ مشن کانگو میں شہید ہونے والے فوجی جوانوں کی نماز جنازہ چکلالہ گیریژن میں ادا کی گئی جس میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید، حاضر و ریٹائرڈ فوجی افسران نے شرکت کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی (بقیہ نمبر 25)

آئین کی دھجیاں اڑادی گئیں، ڈپٹی اٹارنی جنرل راجا خالد محمود مستعفی

عمران خان کی حکومت نے پاکستان کے آئین وقانون کے ساتھ کھلواڑ کیا ہے، آئین کی دھجیاں اڑادی گئیں

آئین اور جمہوری اقدار کے منافی اقدام کی مذمت کرتا ہوں اور حکومت کا مزید دفاع نہیں کرسکتا، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی اٹارنی جنرل راجا خالد محمود خان نے تحریک عدم اعتماد کے خلاف کے ڈپٹی اسپیکر کی رولنگ کو غیر آئینی قرار دیتے ہوئے عہدے سے مستعفی ہونے کا اعلان کر دیا۔ ایک انٹرویو میں راجا خالد محمود خان نے کہا کہ اس ملک کے ساتھ بدترین ہوا ہے، ایسا کچھ ہونے کی آمر کے دور میں توقع کی جاسکتی ہے، کسی جمہوری حکومت میں ایسا کبھی نہیں ہوا تھا۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 13)

سستے رمضان بازاروں میں خریداروں کو اولین فوقیت حاصل ہے

پھلوں وسبزیوں اور کریانہ کی اشیاء پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، ڈپٹی کمشنر سرگودھا

سرگودھا (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سرگودھا نے کہا ہے کہ سستے رمضان بازاروں میں خریداروں کو اولین فوقیت حاصل ہے جس کے لیے پھلوں سبزیوں اور کریانہ (بقیہ نمبر 18)

وفاقی حکومت نے گورنر پنجاب چوہدری سرور کو برطرف کر دیا

چوہدری سرور کے وزیراعلیٰ کے انتخاب میں (ن) کی حمایت کرنیوالے پی ٹی آئی کے ایک گروپ سے رابطے تھے' افواہیں

گورنر کی اچانک برطرفی سیاسی حلقوں میں موضوع بحث بن گئی، پنجاب اسمبلی کی راہداریوں میں بھی گورنر کی برطرفی اہم موضوع رہا

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور کو برطرف کر دیا۔ یہ بات وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات فواد چوہدری نے ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں بتائی۔ فواد چوہدری کے مطابق نئے گورنر پنجاب کا اعلان بعد میں کیا جائے گا، آئین کے مطابق ڈپٹی اسپیکر قائم مقام گورنر ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق چوہدری محمد سرور موجودہ سیاسی حالات میں بھی (بقیہ نمبر 26)

اللہ کا شکر میں غیر آئینی کام کرنے سے بچ گیا' چوہدری سرور

غیر آئینی کام سے بچنے کیلئے چند روز قبل استعفے کی پیشکش کر دی تھی

لاہور (این این آئی) برطرف گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے کہا ہے کہ اللہ کا شکر ہے میں غیر آئینی کام کرنے سے بچ گیا، میں نے ہمیشہ آئین کی پاسداری (بقیہ نمبر 19)

سپیکر و نامزد وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی اجلاس میں شرکت کیلئے آرہے ہیں

ساہیوال، کنعان پارک سے نوجوان کی لاش برآمد دوران واردات قتل کا خدشہ

ساہیوال (این این آئی) کنعان پارک سے ایک نوجوان کی لاش برآمد قتل یا دوران واردات ہلاکت معمہ حل نہیں ہوسکا۔ تفصیلات کے مطابق ریلوے اسٹیشن کے قریب کنعان پارک میں ایک نوجوان مسافر کو نشہ آور چیز دے کر نامعلوم ملزموں نے (بقیہ نمبر 14)

ساہیوال، نہر سے نوجوان کی لاش برآمد

ساہیوال (این این آئی) ساہیوال جہال روڈ کے قریب پل نہر لوئر باری دوآب سے ایک 28 سالہ نوجوان کی لاش برآمد۔ 28 سالہ نوجوان نہر میں غوطے کھا رہا تھا کہ راہگیروں نے 1122 کو اطلاع دی جے ریسکیو 1122 کی ٹیم نے نہر سے نکال کر ہسپتال پہنچایا جہاں ایمرجنسی میں نوجوان نے دم توڑ دیا۔

عثمان بزدار کی وزیراعلیٰ آفس کے سٹاف سے الوداعی ملاقات

نگران وزیراعلیٰ پنجاب نے سٹاف ممبرز کے پاس جا کر مصافحہ کیا اور شکریہ ادا کیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے وزیراعلیٰ آفس کے سٹاف سے الوداعی ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے سٹاف ممبرز کے پاس (بقیہ نمبر 15)

متحدہ اپوزیشن کے نامزد وزیراعلیٰ حمزہ شہباز پنجاب اسمبلی کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر سمیڈا ہاشم رضا نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دیدیا

لاہور (این این آئی) چیف ایگزیکٹو آفیسر سمیڈا ہاشم رضا نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دیدیا۔ ہاشم رضا کا کہنا تھا کہ موجودہ حکومت آئین پاکستان کی خلاف ورزی کی مرتکب ہو رہی ہے، بطور سرکاری ملازم (بقیہ نمبر 28)

اسسٹنٹ کمشنرز کے سستے رمضان بازاروں کے دورے

اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، کوالٹی اور دستیابی کو چیک کیا

قصور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر قصور فیاض احمد موہل کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنرز کا چاروں تحصیلوں میں قائم کردہ سستے رمضان بازاروں کا دورہ۔ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، کوالٹی اور سپلائی کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر قصور اورنگزیب سدھو نے مصطفیٰ آباد سستے رمضان بازار ماڈل بازار میں قائم سستے رمضان بازار اور منیر شہید کالونی میں قائم کردہ سستے (بقیہ نمبر 27)

پاکستان کسی صورت بھی آئینی بحران کا متحمل نہیں ہوسکتا' فرحان شہزاد

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے سابق وائس چیئرمین فرحان شہزاد نے کہا کہ پاکستان کسی صورت بھی آئینی بحران کا متحمل نہیں ہوسکتا، چیف جسٹس پاکستان کی جانب سے فوری نوٹس لیا جانا خوش آئند ہے، سیاست میں اس سطح کی گندگی معاشرے کیلئے (بقیہ نمبر 29)

پاکستان کے مستقبل کے فیصلے پاکستان کے عوام کریں گے

بے ضمیر بکاؤ سیاست دان اور ان کے بیرونی آقا نہیں، اسد عمر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ پاکستان کے مستقبل کے فیصلے پاکستان کے عوام کریں گے، بے ضمیر بکاؤ سیاست دان اور ان کے بیرونی آقا نہیں۔ سوشل میڈیا پر جاری کیے گئے بیان میں اسد عمر نے کہا کہ پاکستان کے مستقبل کے فیصلے پاکستان کے عوام کریں گے، بے ضمیر بکاؤ سیاست دان اور ان کے بیرونی آقا (بقیہ نمبر 30)

جب عمران خان نکلے گا تو یہ اسے گرفتار کرینگے' شیخ رشید

جمہوریت تماش بینوں کے چنگل میں ہے، حالات تشویشناک ہیں اور جمہوریت شدید خطرات سے دوچار ہوچکی ہے

حالات بہت گمبھیر اور پریشان کن ہیں، ایک ہی طریقہ ہے کہ قوم الیکشن میں چلی جائے، لڑائی جھگڑے ہوں تو لوگ گرفتار ہوں گے

ڈپٹی کمشنر طاہر فاروق رمضان بازاروں کا معائنہ کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ پاکستان میں جمہوریت شدید خطرات سے دوچار ہے اور جب عمران خان نکلے گا تو یہ اسے گرفتار کریں گے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جمہوریت تماش بینوں کے چنگل میں ہے، حالات تشویشناک ہیں اور جمہوریت شدید خطرات سے دوچار ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالات بہت گمبھیر اور پریشان کن ہیں، ایک ہی طریقہ ہے کہ قوم الیکشن میں چلی جائے، لڑائی جھگڑے ہوں تو لوگ گرفتار ہوں گے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ جب عمران خان نکلے گا تو یہ اسے گرفتار کریں گے، عمران خان پاکستان میں بڑے (بقیہ نمبر 16)

عمران خان نگران وزیراعظم کیلئے اپوزیشن لیڈر سے مشاورت کرینگے

اسلام آباد (این این آئی) حکومتی ذرائع نے بتایا ہے کہ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی جانب سے قومی اسمبلی توڑے جانے کے بعد وزیر اعظم عمران خان نگران وزیر اعظم کیلئے اپوزیشن لیڈر شہباز شریف کو خط لکھ رہے ہیں۔ حکومتی ذرائع نے (بقیہ نمبر 21)

سوشل میڈیا صارفین کے قاسم سوری پر دلچسپ تبصرے......سرپرائز ٹاپ ٹرینڈ میں شامل

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے دلچسپ تبصرے کیے گئے۔ اپوزیشن کی جانب سے وزیراعظم عمران خان کے خلاف پیش کی گئی تحریک عدم اعتماد کو ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی نے آئین کے (بقیہ نمبر 20)

کورونا کی پانچویں لہر کی شدت میں کمی، ایک شخص جاں بحق

اسلام آباد (این این آئی) کورونا کی پانچویں لہر کے دوران ایک شخص جاں بحق ہوا، جس کے بعد اموات کی تعداد 30 ہزار 361 ہوگئی، پاکستان میں کورونا کے تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 15 لاکھ 25 ہزار 466 ہوگئی۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 285 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، (بقیہ نمبر 31)

اسپیکر نے غیر آئینی کام کیا، سپریم کورٹ جائیں گے، بلاول بھٹو

پاکستان کے آئین کو توڑنے کی سزا واضح ہے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ جب تک ہمارا آئینی حق نہ دیا جائے ہم دھرنا دینگے۔ ٹوئٹر پر جاری ویڈیو پیغام میں بلاول بھٹو نے کہا کہ اسپیکر صاحب نے غیر آئینی کام کیا ہے اور پاکستان کا آئین توڑا گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 22)

لاہور، پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر پولیس اہلکار الرٹ کھڑا ہے

ABC Certified MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاک، چین دوستی خطے میں امن اور ترقی کی ضامن

چینی وزیر خارجہ وانگ ژی نے کہا ہے کہ پاکستان کی خومختاری کے تحفظ میں مدد دیں گے، گریٹ پاور گیم میں چھوٹے ممالک کو نشانہ نہیں بنانا چاہیے۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان وانگ وین بن نے کہا کہ چین دوسرے ممالک کے اندرونی معاملات میں عدم مداخلت کے اصول پر عمل پیرا رہتا ہے۔ پاکستان ہمارا تمام موسموں کا سٹریٹجک شراکت دار، دوست ملک ہے، ہم کسی کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہیں کرتے۔ چینی وزیر خارجہ اور چینی وزارتِ خارجہ کے ترجمان کی طرف سے پاکستان کی خودمختاری کی حمایت اور پاکستان کے اندرونی معاملات میں عدم مداخلت کے حوالے سے بیان ایک اچھے اور، قابلِ اعتماد دوست کی عکاسی کرتا ہے۔ چین اور پاکستان کے درمیان تعلقات سطحی یا رسمی نوعیت کے نہیں ہیں بلکہ یہ گہری اور پائیدار بنیادوں پر استوار ہیں، جو وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مضبوط سے مضبوط تر ہوتے جا رہے ہیں۔ یہ تعلقات محض حکومتوں کے درمیان نہیں ہیں۔ یہ دوممالک کے عوام اور دوریاستوں کے درمیان ہیں جو حکومتوں کی تبدیلی سے متاثر نہیں ہوتے، یہی وجہ سے قیام پاکستان سے لے کر آج تک پاکستان میں کتنی ہی حکومتیں آئیں لیکن پاک چین دوستی میں کسی موقع پر بھی سردمہری پیدا نہیں ہوئی۔ چین میں بھی انقلابِ چین کے بعد کئی شخصیات مسند اقتدار پر متمکن ہوئیں لیکن شخصیات کے بدلنے سے خارجہ پالیسی میں تبدیلی واقع نہیں ہوئی۔ یہی وجہ ہے کہ آج پاک چین دوستی ایک مثالی دوستی کہلاتی ہے یہ بات ہمارے لیے اطمینان بخش ہی نہیں قابل فخر بھی ہے کہ پاکستان کی ترقی و استحکام اور خودمختاری کا تحفظ چین کی خارجہ پالیسی کا اہم جزو ہے۔ روس اور یوکرائن میں جاری جنگ نے ایک بار پھر دنیا کو دو دھڑوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ ترقی یافتہ سرمایہ دار ممالک سپر پاور امریکہ کی قیادت میں ایک ہیں جبکہ دوسری طرف روس، چین اور ان کے ہم خیال ممالک ہیں، روس اور امریکہ میں پیدا ہونے والی چپقلش ایک نئی سرد جنگ کا ماحول پیدا کرنے کا سبب بن رہی ہے جس میں چھوٹے ممالک کے لیے خطرات پیدا ہو گئے ہیں۔ اس صورتِ حال کے تناظر میں چینی وزیرِ خارجہ کا یہ بیان خصوصی اہمیت کا حامل ہے کہ گریٹ گیم میں چھوٹے ملکوں کو نشانہ نہیں بنانا چاہیے۔ یہ ان طاقتوں کے لیے ایک واضح پیغام ہے جو خطے میں طاقت کا توازن لگاڑنے کی مذموم کوششوں میں مصروف ہیں۔ انہیں اتحاد و یکجہتی سے ہی ناکام بنایا جاسکتا ہے

صبر وسکون کا مہینہ ہے ماہ رمضان، اسکا احترام کریں!

تنزیلہ تاثیر

جیسا کہ ہم سبھی جانتے ہیں اسلام کے پانچویں ارکان میں رمضان کے روزے بھی شامل ہے۔ رامضان کا مہینہ نہایت ہی پاک اور عظیم مانا جاتا ہے۔ اس میں دنیا کے تمام مسلمان روزے رکھنے کا احترام کرتے ہیں۔ بڑے، بڑھے سے لیکر بچے بھی روزہ رکھتے ہیں۔ یوں، تو ہر سال رمضان آتا ہے اور روزے رکھے جاتے ہیں، لیکن کبھی بھی رمضان کے احترام میں کوئی کمی نہیں ہوتی ہے۔ ہر بار مانوں انسان کے اندر میں ایک نئی تازگی کا احساس کرواتا ہے۔ اور ہم تمام مسلمان بڑے ہی عقیدت اور احترام سے روزے رکھتے ہیں۔۔ رامضان کی خوشیاں اور عقیدت کا ایک الگ ہی معنی رکھتی ہے۔ رمضان چاہے کتنی بھی شدت والی گرمی میں آئے یا کسی بھی موسم میں آئے مسلمان کبھی بھی روزے رکھنے سے انکار نہیں کرتے ہیں، جیسا کہ اس بار رمضانالمبارک 3 اپریل 2022 بروز اتوار کو شروع ہونے جارہا ہے، ہمیں اسکا احترام پہلے ہی سے کرنا چاہئے، یوں تو رمضان کی آمد سے ایک مہینہ پہلے ہی کئی لوگ اسکا احترام کے ساتھ تیاری شروع کر دیتے ہیں۔ تاکہ انہیں عبادت کرنے میں یا روزے رکھنے میں کسی طرح کی کوئی پریشانی درپیش نہ آئے، اور اطمنان سے وہ وہ روزے رکھ سکے، عبادت کر سکے۔ تلاوت قرآن کر سکے، نوافل کا بھی احترام کر سکے۔ لیکن کئی انسان ایسے بھی ہیں ہر شام مزدوری کر آتے ہیں اور روزے کا احترام کرتے ہیں۔ رمضان کا احترام کرنے والوں پر اللہ وتعالی کیخصوصی رحمت و برکت نازل ہوتی ہے۔ تمام گناہوں کی بخشش ہوتی ہے۔ رمضان میں نوافل کا ثواب فرض کے برابر کر دیا جاتا ہے۔ اور ہر فرض کے بدلے میں ستر فرضوں کا ثواب ملتا ہے۔۔۔ رمضان المبارک میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو بے شمار نیکیوں سے نوازتا ہے۔ رمضان المبارک کے مہینے میں جنت کے تمام دروازے کھول دیے جاتے ہیں، جہنم کے تمام دروازے بند کر دیے جاتے ہیں، شیطان کو زنجیروں میں قید کر دیا جاتا ہے، اسی لیے رمضان المبارک کے مہینے کو تمام مہینوں سے بہترین اور افضل قرار دیا گیا، اور اسی مہینے میں اللہ کی کتاب قرآن مجید بھی نازل ہوئی ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ اس مہینے کے ماننے والوں کے پچھلے تمام گناہ معاف فرما دیتے ہیں۔ رمضان کے مہینے میں لوگ ہر بورے کام کو کرنے سے بچتے ہیں۔ اور اللہ وتعالی کی دل و جان سے عبادت کرتے ہیں۔ ایسے تو ہم سبوں ہمیشہ بورے کام، جھوٹ، فریب، لوٹ مار، سے بچنا چاہئے، غریبوں کی حق تلفی نہیں کرنی چاہئے۔ پڑوسیوں کا خیال رکھنا چاہئے، رمضان تو کیا ہمیں بورے کاموں سے بچنا چاہئے، کسی سے کبھی حسد نہیں کرنی چاہئے۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص رمضان المبارک کے روزے اخلاص کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے اجر وثواب کی امید کے ساتھ رکھے گا، اللہ تعالیٰ اس کے پچھلے تمام گناہوں کو بخش دے گا۔ رمضان المبارک کا مہینہ کیوں اہم ہے؟ یہ وہ مہینہ ہے جس میں تمام انسانیت کے فائدے کے لیے اللہ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن کریم نازل ہوا۔ اس مہینے کی ایک رات ایسی ہے جو ہزار مہینوں سے افضل ہے جسے ہم شب قدر کہتے ہیں جبکہ رمضان المبارک میں پانچ ایسی راتیں ہیں جو بہت اہم سمجھی جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو روزے رکھنے، تراویح پڑھنے، نماز پڑھنے، زکوۃ دینے، روضہ ادا کرنے، غریبوں کی مدد کرنے کی توفیق عطا فرمائے، اللہ تبارک وتعالیٰ ہم سب کو اپنی رحمتوں اور برکتوں سے تمام باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اللہ رمضان المبارک کی قدر دانی کی توفیق دیں، اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس بابرکت مہینے کی رحمتیں عطا فرمائے، صحیح ایمانداری اور اخلاص کے ساتھ عبادت کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین ثم آمین

حمل کے دوران جراثیم کش کیمیکلز کا استعمال

ٹوکیو (سی ایم لنکس) حمل کے دوران گھر یا ہاتھوں کی صفائی کے لیے جراثیم کش کیمیکلز کا زیادہ استعمال کرنا پیدائش کے بعد بچوں میں دمہ یا جلد کے امراض کا خطرہ بڑھا سکتا ہے۔ یہ بات جاپان میں ہونے والی ایک طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ اس سے قبل سابقہ تحقیقی رپورٹس میں ان کیمیکلز کے استعمال اور بالغ افراد میں دمہ اور جلدی امراض کے درمیان تعلق کو دریافت کیا گیا۔ مگر اس نئی تحقیق میں بتایا گیا کہ صفائی کے لیے استعمال ہونے والے اسپرے یا جیل وغیرہ کس طرح حاملہ خواتین کے بچوں پر منفی اثرات مرتب کرتے ہیں۔ اس تحقیق کے لیے محققین نے 2011 سے 2014 کے دوران 78 ہزار 915 ماؤں۔ بچوں کے ڈیٹا کی جانچ پڑتال کی گئی تاکہ حمل کے دوران کیمیکلز کے استعمال اور 3 سال کی عمر کے بچوں میں الرجی کے امراض کے تعلق کو دیکھا جاسکے۔ 88 فیصد کے قریب ماؤں نے بتایا کہ حمل کے دوران وہ صفائی کے لیے استعمال ہونے والے کیمیکلز سے دور رہی تھیں۔

راہِ حق میں بے گناہ قید کے فیوض و برکات

قسط اول

ایاز نامہ

ایاز خان

اللہ فرماتا ہے اے ایمان والو! دینِ اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ کیا تم ہماری کتاب (اور دین و شریعت) کے ایک حصے کو مانتے ہو اور ایک کو رد کرتے ہو سو جو کوئی بھی تم میں سے یہ روش اختیار کریں ان کی کوئی سزا اس کے سوا نہیں کہ دنیا میں ذلت وخواری ان پر مسلط کر دی جائے اور قیامت کے دن ان کو شدید ترین عذاب میں جھونک دیا جائے (بنی اسرائیل آیت 85)

دینِ اسلام اور ایمان اللہ پاک کی ایک عظیم عطا ہے اور آج کے پیدائشی مسلمان کے لیے وہ اعزاز ہے جو اللہ پاک نے اسے کسی محنت و مشقت اور آزمائش وامتحان کے بغیر ہی عطا کر دیا جبکہ اسی دینِ اسلام اور ایمان باللہ کے لیے خود آقا کریم ﷺ اور ان کے خاندان نے جو مصائب والم برداشت کیے اس کی مثال پوری کائنات میں کوئی اور پیش نہیں کر سکتا۔ اور آپ کے اصحاب نے بھوک، افلاس اور قید وبند کی وہ سختیاں برداشت کیں کہ اللہ کی پناہ! صرف دینِ اسلام اور ایمان میں اتنی طاقت ہے کہ انسان ہنستے کھیلتے یہ مصائب برداشت کر جاتا ہے وگرنہ تو اللہ نے انسان کو بہت جلد باز اور بھٹک جانے والا کہا ہے اللہ سے بہتر انسان کو کون جانتا ہے۔ مکہ کے پہلے تیرہ سال اور مدینہ میں صلح حدیبیہ ہونے تک کا پہلا عرصہ آقا کریم ﷺ اور آپ کے اصحاب نے مصائب برداشت کرنے کی حد کر دی۔ اور یہ سب، کس لیے تھا؟ اک صرف کلمہ توحید کی خاطر۔ ہر وقت مشرکین مکہ کے ہاتھوں جان و مال اور عزت ہر وقت برباد تھی۔

ایمان باللہ کے لیے انبیاء، ہمارے آقا کریم ﷺ اور آپ کے صحابہ رضوان اللہ اجمعین نے جو مصائب اور قید و بند برداشت کیے وہ ہمارے لیے مثال ہے

عظیم پیغمبر حضرت یوسف علیہ الاسلام نے 12 سال مجرم بن کر قید خانے میں گزار دیئے فقط اپنی پاک دامنی کے لیے کہ اللہ حیا کا حکم دیتا ہے اور بدکاری سے منع کرتا ہے صرف اس حکم کی اطاعت میں بے گناہ جیل میں پڑے رہے اور عیش وعشرت کی گناہ آلود حرام کاری پر جیل میں 12 سال بندرہ کر مشقت کرنے کو ترجیح دی۔

دینِ اسلام اور ایمان کی خاطر مکہ کے سب سے بڑے امیر زادے حضرت مصعب بن عمیر نے اپنا گھر بار اس حالت میں چھوڑا کہ تن پر کپڑا بھی نہیں تھا الف ننگے گھر سے نکالے گئے لیکن اپنے ایمان پر کوئی مصلحت دکھائی نہ کوئی سمجھوتہ کیا۔ حالانکہ آپ اتنے امیر تھے کہ آپ کا لباس ملک شام سے تیار ہو کر آتا تھا اور آپ خوشبویات کا اتنا استعمال کرتے کہ آپ جس راستے سے گزر جاتے دیر تلک وہاں خوشبو برقرار رہتی اور ہر ایک کہتا کہ یقیناً یہاں سے مصعب گزرے ہیں۔ جو لباس ایک بار پہن لیتے دوبارہ کبھی نہ پہنتے۔ لیکن جب اسلام قبول کیا تو چچا نے ایک کمرے میں بند کر دیا اور دھواں ناک میں چھوڑ کر سانس بند کیا جاتا کہ ایمان باللہ سے توبہ کر لو۔ آپ کا کھانس کھانس کر برا حال ہو جاتا، کھانسی اور سانس بند ہونے سے حضرت مصعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آنکھیں ابل کر باہر آجاتیں لیکن آپ کا ایک ہی جواب ہوتا کہ احد احد۔ اپنے بیٹے کا یہ حال دیکھ کر بیوہ ماں کا کلیجہ منہ کو آجاتا اور آخر ان کی ماں نے کہا کہ "مصعب کو اس کے حال پر چھوڑ دیا جائے"۔ ظالم چچا نے حضرت مصعب کو طعنہ دیا کہ یہ تیرے سب عیش اک کافر ہی کی کمائی پر ہیں تیرا باپ جب مرا تو وہ بھی ہمارے ہی مذہب پر تھا اگر اتنی ہی غیرت ہے تو ایک کافر کی کمائی ہوئی دولت چھوڑ دو۔ آپ نے یہ شرط بھی مان لی۔ گھر سے نکلنے لگے تو اس کافر چچا نے کہا کہ یہ لباس بھی اتار دو۔ آپ نے لباس اتار دیا اور تہہ بند میں رہ گئے اس کافر چچا نے کہا یہ بھی ایک کافر کی کمائی سے خریدا گیا ہے اِسے کیوں ساتھ لیجا رہے ہو حضرت مصعب کی غیرت ایمانی نے یہ طعنہ بھی گوارہ نہ کیا اور تہہ بند اتار کر اسی برہنہ حالت میں گھر سے نکل آئے اور جب غزوہ احد میں شہید ہوئے تو آقا کریم ﷺ اور مسلمانوں کے پاس ان کے کفن کا بھی انتظام نہیں تھا لڑائی کے خاتمہ پر آنحضرت ﷺ حضرت مصعب بن عمیر کی لاش کے قریب کھڑے ہوئے اور یہ آیت تلاوت فرمائی اس کا ترجمہ یہ ہے کہ "مومنین میں سے چند آدمی ایسے ہیں جنہوں نے اللہ سے جو کچھ عہد کیا تھا اس کو سچا کر دکھایا"۔ پھر لاش سے مخاطب ہو کر فرمایا "میں نے تم کو مکہ میں دیکھا تھا جہاں تمہارے جیسا حسین وخوش پوشاک کوئی نہ تھا، لیکن آج دیکھتا ہوں کہ تمہارے بال الجھے ہوئے ہیں اور جسم پر صرف ایک چادر ہے" پھر ارشاد ہوا بیشک اللہ کا رسول گواہی دیتا ہے کہ تم لوگ قیامت کے دن بارگاہِ الٰہی میں حاضر رہو گے اس کے بعد غازیانِ دین کو حکم ہوا کشتگانِ راہ خدا کی آخری زیارت کر کے سلام بھیجیں اور فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ روزِ قیامت تک جو کوئی ان پر سلام بھیجے گا وہ اس کا جواب دیں گے۔ اس زمانہ میں غربت وافلاس کے باعث شہیدانِ ملت کو کفن تک نصیب نہ ہوا، حضرت مصعب بن عمیر کی لاش پر صرف ایک چادر تھی کہ جس سے سر چھپایا جاتا تو پاؤں برہنہ ہو جاتے اور پاؤں چھپائے جاتے تو سر کھل جاتا، بالآخر چادر سے چہرہ چھپایا گیا، پاؤں پر اذخر کی گھاس ڈالی گئی اور ان کے بھائی حضرت ابوالروم بن عمیر نے حضرت عامر بن ربیعہ اور حضرت سویط بن سعد کی مدد سے سپردِ خاک کیا، انا للہ وانا الیہ راجعون۔ (جاری ہے)

معلومات کی فراہمی میں ڈی جی پی آر کا کردار

تحریر:۔۔۔صباء پروین

دور حاضر میں ڈیجیٹل میڈیا اور تعلقات عامہ وقت کی ایک اہم ضرورت ہیں۔ ڈیجیٹل میڈیا کے فروغ نے مواصلات کے عمل کو جہاں جدت بخشی ہے وہیں اس نے اسکے کام کرنے کے انداز کو بھی تبدیل کر دیا ہے ٹیکنالوجی کے میدان میں وسعت لوگوں کو کوئی بھی معلومات یا خبر کہیں بھی بروقت پہنچ جاتی ہے میڈیا تنظیمیں اور نیوز ایجنسیوں نے اس سلسلے میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔ اگر پاکستان کی بات کی جائے تو پاکستان میں بھی بیشمار سرکاری اور نجی ادارے تعلقات عامہ کو مضبوط کرنے اور عوام تک اصل حقائق پہنچانے کے لئے اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ پاکستان میں اگر حکومتی ذرائع ابلاغ عامہ اور حکومتی مواصلات کی بات کی جائے تو ڈائریکٹوریٹ جنرل پبلک ریلیشن کا نام سر فہرست آتا ہے۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل پبلک ریلیشن آف پنجاب، پنجاب حکومت کا اہم مواصلاتی ونگ ہے جس کا قیام ۰۴۹۱ میں ڈائریکٹوریٹ کے نام سے عمل میں آیا جبکہ ۴۸۹۱ میں اسکا نام ڈائریکٹوریٹ جنرل پبلک ریلیشن رکھ دیا گیا۔ ڈی جی پی آر کا ہیڈ آفس لاہور میں ہے۔ لاہور ہیڈ آفس کے علاوہ ادارے کے مختلف شہروں میں ۹ ڈویژنل انفارمیشن دفاتر ہیں اور 27 ضلعی انفارمیشن دفاتر ہیں۔ لاہور دفتر میں ادارے کے کام کو بہتر بنانے اور ہر لحاظ سے functional کرنے کے لئے مختلف sub department بھی قائم کیئے گئے ہیں۔ جن میں انتظامیہ administration، Advertisement section، الیکٹرانک میڈیا سیل، نیوز اسٹیشن، press information section انفارمیشن ٹیکنالوجی ونگ اور مختلف شعبہ جات شامل ہیں۔ ہر شعبہ متعلقہ سیکشن کو ڈیل کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔ ڈی جی پی آر کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ حکومت کی پالیسی، کاوشوں، معلومات اور مختلف منصوبوں سے متعلق معلومات عام عوام تک پہنچائی جائیں۔ حکومت پنجاب کی مثبت پالیسیوں اور کوششوں کو لوگوں تک پہنچا کر حکومت کی صوبائی سطح پر Image building کرنا ہے۔ image building کے علاوہ عوام کی رائے حکومت تک پہنچانا اور انکے درمیان پل (bridge) کا کام کرنا بھی ادارے کا ایک اہم ٹاسک ہے۔ ڈی جی پی آر کا کام ابتداء سے ہی چیلنجنگ رہا ہے لیکن ادارے نے ہمیشہ احسن طریقے سے کام کرتے ہوئے اس قول کو سچ ثابت کر دکھایا ہے کہ محنت سے ہر منزل طے کی جاسکتی ہے اور کوئی بھی ارادہ ناممکن نہیں رہتا۔ ڈیجیٹل میڈیا کے دور میں جہاں لوگوں کو باآسانی ہر معلومات مل جاتی ہے وہیں اس ادارے کی ہمیشہ سے یہی کوشش رہی ہے کہ لوگوں تک حقائق پہ مبنی خبریں اور معلومات پہنچائی جائیں اور Fabricated اور fake news کی بجائے صاف و شفاف اور حقائق سے بھرپور معلومات فراہم کی جائیں۔ پروپیگنڈہ (propaganda) کا خاتمہ، غلط خبروں کی ترسیل کو روکنا، پبلک کی معلوماتی ضروریات کو پورا کرنا، میڈیا لاء (media laws)، پر عمل درآمد کروانا، حکومت کے متعلق خبریں دے کر مثبت رویے پیدا کرنا اور مواصلات کے جدید ذرائع سے لوگوں کو باخبر رکھنا ادارے کے اہم کاموں میں شامل ہیں۔ ڈی جی پی آر کے پروجیکٹس کی بات کی جائے تو اس نے ہر موقع پر حکومت کے ساتھ مل کر عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کوششیں کی ہیں گزشتہ تین سالوں سے COVID کے محاذ پر لڑنا اور لوگوں میں کرونا وائرس سے بچاؤ کے لئے حفاظتی اقدامات سے لے کر COVID vaccination کی معلومات دینے تک کے تمام معاملات میں حکومت کے ساتھ مل کر عوام کی بھرپور مدد کی ہے۔ پولیو آگاہی مہم، ڈینگی مہم، موسماتی تبدیلیاں اور انکے مضر اثرات کے متعلق عوام میں شعور پیدا کرنا ادارے کے اہم پروجیکٹس میں شامل ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عوام کو حقائق سے باخبر رکھتے ہوئے اور حکومت کے ساتھ تعاون کر کے اور دہشت گردی کے خلاف تمام پروپیگنڈے ناکام کرنے میں ڈی جی پی آر کا کردار مثالی ہے۔ ادارے کا اب تک کا سب سے بڑا اور اہم initiative یہ ہے کہ پنجاب حکومت کے ساتھ مل کر میڈیا گریجویٹس (media graduates) اور unemployed youth کو انٹرن شپ کا موقع فراہم کیا ہے۔ ادارے کے مطابق internship یوتھ کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انکو establish کرنے کے لئے ایک بہترین پلیٹ فارم ہے۔ اس انٹرن شپ کے ذریعے new minds کو experts کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملے گا جو کہ ایک خوش آئند اقدام ہے ملک کی ترقی کے لئے بھی اور یوتھ کی صلاحیتیں نکھارنے کے لئے بھی۔ ڈی جی پی آر پنجاب کا پنجاب کی ترقی میں ایک اہم کردار ہے۔ جس نے digital media کے ذریعے پنجاب کو ڈیجیٹلائز digitalise کر کے ترقی سے ہم کنار کیا ہے۔ ٹیکنالوجی کے ذریعے پنجاب کو development کی راہ پر گامزن کرنے میں ڈی جی پی آر کا کردار واضح اہمیت کا حامل ہے۔

Show Biz
شوبز کارنر

اداکارہ کا خود پر تنقید کرنیوالے انٹرنیٹ صارفین کو کرارا جواب

نگریزوں کی ملازمت سے نکل آئیں، 1947 کو کافی وقت گزر گیا ہے، اُشنا شاہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی معروف اداکارہ اُشنا شاہ نے اپنے ہاتھ کی سیاہ رنگت پر ہونے والی تنقید کا انٹرنیٹ صارفین کو کرارا جواب دیا ہے۔ اداکارہ اُشنا شاہ کی جانب سے بیرون ملک ترکی میں چھٹیاں انجوائے کرتے ہوئے متعدد خوبصورت تصویریں اپنے انسٹا گرام اکاؤنٹ پر مداحوں کے ساتھ شیئر کی جارہی ہیں۔ اُشنا شاہ اپنی اِن تصاویر میں نہایت حسین اور خوش نظر آرہی ہیں، اُشنا شاہ نے ترکی میں آئسکریم کھاتے ہوئے ایک تصویر شیئر کی ہے جس میں اُن کا صرف ایک ہاتھ اور آئسکریم کون نظر آرہی ہے۔

پہلی فلم میں کام تاریخ پیدائش کی وجہ سے ملا، راکل پریت سنگھ

میں کالج کے پہلے سال میں تھی جب مجھے اپنی پہلی فلم کی پیشکش ہوئی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار جان ابراہم اور اداکارہ راکل پریت سنگھ نے حال ہی میں معروف کامیڈی شو 'دی کپل شرما شو' میں اپنی آنے والی فلم اٹیک کی تشہیر کے لیے شو میں شرکت کی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق شو کے دوران راکل پریت سنگھ نے انکشاف کیا کہ انہیں اپنی پہلی فلم کی پیشکش ان کی تاریخ پیدائش کی وجہ سے ہوئی۔ اس بات کا انکشاف کپل کے شو کے ایک حصے میں اس وقت ہوا جب میزبان نے راکل کے بارے میں کچھ افواہوں پر بات کی۔ ان میں سے ایک یہ بھی تھی کہ اداکارہ کو ان کی تاریخ پیدائش کی وجہ سے پہلی فلم کی پیشکش ہوئی۔

سُر، لے کو سمجھنے والا ہی بڑا گلوکار بنتا ہے، سائرہ نسیم

فلموں کی تعداد انڈسٹری کو سہارا دینے کیلئے ناکافی ہے، نامور گلوکارہ

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ سائرہ نسیم نے کہا ہے کہ انسان ساری زندگی سیکھنے کے عمل سے گزرتا ہے، آج بھی خود کو فن کی طالبہ سمجھتی ہوں، موسیقی میں سُر اور لے بنیاد ہے اور اس کو سمجھنے والا ہی بڑا گلوکار بنتا ہے۔ ایک انٹرویو میں گلوکارہ نے کہا کہ سچے سُروں کے ساتھ گانے والے گلوکار ہمیشہ لوگوں کے دلوں میں زندہ رہتے ہیں۔ موسیقی کے شعبے میں زندگی کے کئی سال گزار چکی ہوں لیکن آج بھی سیکھنے کیلئے کوشاں رہتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ سالوں میں فلمیں بننے کی تعداد بڑھی ہے لیکن یہ تعداد فلم انڈسٹری کو سہارا دینے کے لئے ناکافی ہے۔

اداکارہ وینا ملک کا عمران خان کو 'نہ گھبرانے' کا مشورہ

چوروں کو کون ریلیف دیتا رہا تحریک کے پیچھے کون سے اندرونی ہاتھ ملوث ہیں

کراچی (این این آئی) وینا ملک کا شمار بھی پاکستان شوبز انڈسٹری کے اُن فنکاروں میں ہوتا ہے جو وزیراعظم عمران خان کی بھرپور حمایت کر رہے ہیں۔ ایسے میں وینا ملک نے ٹوئٹر پر وزیراعظم عمران خان کے لیے خصوصی پیغام جاری کیا ہے۔ وینا ملک نے اپنے ٹوئٹ میں عمران خان سے مخاطب ہوتے ہوئے لکھا کہ میرے وزیراعظم آج ہم آپ کو کہتے ہیں آپ نے گھبرانا نہیں کیونکہ عوام آپ کے ساتھ ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ 'چوروں کو کون ریلیف دیتا رہا اس تحریک کے پیچھے کون سے اندرونی ہاتھ ملوث ہیں عوام جانتی ہے بس آپ کے منہ سے ان کے نام سننا چاہتی ہے۔' انہوں نے کہا کہ 'اگلے الیکشن کا انتظار نہیں کرنا'۔

اسٹیج پر کام کرنا انتہائی مشکل ہے' دعا چوہدری

لاہور (این این آئی) اداکارہ دعا چوہدری نے کہا ہے کہ بھارتی اداکارہ مادھوری ڈکشٹ اور ریکھا میری پسندیدہ اداکارہ ہیں جنہیں اداکاری کے ساتھ رقص پر مکمل عبور حاصل ہے، ان جیسی اداکارائیں صرف بالی ووڈ میں ہی نظر آئیں، کسی حد تک ریما اور نرگس بھی اچھے رقص کا مظاہرہ کرتی ہیں مگر رقص میں جو شہرت مادھوری اور ریکھا کو ملی وہ کسی اور کے حصے میں نہیں آئی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ضروری نہیں کہ آپ صرف اپنے ملک میں سے کسی کو آئیڈیلائز کریں، آپ دنیا میں کسی بھی اداکار کی اداکاری سے متاثر ہو سکتے ہیں، میں برملا کہتی ہوں کہ مجھے مادھوری اور ریکھا کی اداکاری اور رقص بہت پسند ہے۔

مشکل کرداروں کو ہمیشہ چیلنج کے طور پر لیا ہے' ثناء

ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے جو بھی کردار ادا کروں وہ میرے پرستاروں کے دل میں اترنا چاہیے

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ثناء نے کہا ہے کہ مشکل کرداروں سے پیچھا چھڑانے کی بجائے انہیں ہمیشہ چیلنج کے طور پر لیا ہے، خود پر کسی خاص کردار کی چھاپ نہیں لگوانا چاہتی بلکہ چاہتی ہوں کہ جو بھی کردار ادا کروں وہ میرے پرستاروں کے دل میں اترنا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ پاکستان کا ٹی وی ڈرامہ عروج کے دور سے گزر رہا ہے اور اسے برقرار رکھنے کے لئے ہمیں مزید محنت سے کام کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اپنے کیریئر کے آغاز سے آج تک کسی بھی پراجیکٹ کو آنکھیں بند کر قبول نہیں کیا بلکہ اس میں اپنے لئے منتخب کئے گئے۔

شوبز میں کام حاصل کرنے کیلئے کبھی سفارش کا سہارا نہیں لیا' ہما علی

میری ابتداء فلم سے ہوئی تھی، بعد میں اسٹیج کی طرف آئی' انٹرویو میں

لاہور (این این آئی) فلم، ٹی وی اور اسٹیج کی خوبرو اداکارہ ہما علی نے کہا ہے کہ شوبز میں کام حاصل کرنے کے لئے کبھی سفارش کا سہارا نہیں لیا، کامیابیوں کے جس سفر کی جانب گامزن ہوں اس میں دعاؤں کا بڑا عمل دخل ہے۔ انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ میری ابتداء فلم سے ہوئی تھی اور بعد میں اسٹیج کی طرف آئی جہاں مجھے پرستاروں کی جانب سے بے پناہ محبت ملی۔ کبھی شہرت کے لئے شارٹ کٹ راستہ استعمال کرنے کی قائل نہیں رہی، محنت سے سفر ضرور لمبا ہوتا ہے مگر اس میں انسان کی عزت ضرور محفوظ رہتی ہے۔ ہما علی نے کہا کہ اسٹیج ڈراموں میں غیر مناسب رقص اور اشارے کر کے اداکارائیں ایک دوسرے پر سبقت لینے کی جلد بازی میں مصروف ہیں جس سے تھیٹر کو بھی شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔

SPORTS
کھیل کھلاڑی

اختلافات کے باوجود عمران خان کیساتھ کھڑا ہوں، محمد حفیظ

میں ایک قابلِ فخر پاکستانی ہوں، بھکاری انتخاب کرنے والے نہیں ہو سکتے

اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق آل راؤنڈر محمد حفیظ نے کہا ہے کہ وہ اختلافات کے باوجود بھی وزیراعظم عمران خان کو سپورٹ کر رہے ہیں۔ محمد حفیظ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے پیغام میں لکھا کہ احترام کے ساتھ، میں تمام سیاسی رہنماؤں پر واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ہم ایک قابل فخر قوم ہیں اور اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کر سکتے۔ انہوں نے لکھا کہ وزیراعظم عمران خان سے میرے اختلافات ہیں لیکن ان کے پاکستان کی سالمیت کے موقف پر میں ان کے ساتھ کھڑا ہوں۔

نیوزی لینڈ اور ہالینڈ کے درمیان تیسرا ون ڈے آج کھیلا جائیگا

میزبان ٹیم نیوزی لینڈ کو تین میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے

ہیملٹن (این این آئی) نیوزی لینڈ اور ہالینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تیسرا اور آخری ون ڈے انٹرنیشنل میچ (آج) پیر کو سیڈن پارک، ہیملٹن میں کھیلا جائے گا۔ میزبان ٹیم نیوزی لینڈ کو تین میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔ کیویز نے ماؤنٹ ماگینوئی میں کھیلے گئے سیریز کے پہلے میچ میں 7 وکٹوں اور ہیملٹن میں کھیلے گئے دوسرے میچ میں 118 رنز سے کامیابی حاصل کر کے سیریز اپنے نام کی

قطر، فٹبال ورلڈ کپ 2022 کے ڈراز کا اعلان

امریکا اور ایران ایک گروپ میں شامل، افتتاحی میچ میزبان قطر اور ایکواڈور کے درمیان کھیلا جائیگا

دوحہ (این این آئی) رواں سال قطر میں ہونے والے فٹ بال ورلڈ کپ کے ڈراز کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ امریکا اور ایران ایک ساتھ گروپ بی میں شامل ہیں، 21 نومبر سے شروع ہونے والے ایونٹ کا افتتاحی میچ میزبان قطر اور ایکواڈور کے درمیان کھیلا جائے گا۔ فٹ بال ورلڈ کپ کے ڈراز قطر میں نکالے گئے، 32 ٹیموں پر مشتمل اس میگا ایونٹ کیلئے اب تک 29 ٹیموں کا فیصلہ ہوا ہے جبکہ 3 ٹیمیں کون سی ہوں گی اس کا فیصلہ جون میں ہوگا، جن گروپس کی چوتھی ٹیم کا فیصلہ نہیں ہوسکا ہے اس میں گروپ بی، ڈی اور ای شامل ہیں۔

دنیا بھر کے مسلمانوں کو ماہ رمضان کی آمد پر مبارکباد

مقدس مہینہ میں زیادہ سے زیادہ عبادات کر کے اپنے گناہوں کی معافی مانگنی چاہیے، محمد رضوان

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹرز نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو ماہ رمضان کی آمد پر مبارکباد دی ہے۔ قومی کرکٹ ٹیم کے نائب کپتان محمد رضوان نے اپنے بیان میں روایت کے مطابق ماہ مقدس مغفرت کا مہینہ ہے، اس میں زیادہ سے زیادہ عبادات کر کے اپنے گناہوں کی معافی مانگنی چاہیے، اپنی مغفرت کی دعا کرنے کے ساتھ کہ اپنی افطاری میں غربا، یتیم، مساکین لوگوں کو بھی شامل کریں۔ فاسٹ بولر حسن علی نے اپنے پیغام میں لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اس ماہ سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں اور اپنی دعاؤں میں سب کو یاد رکھیں۔

تین ملکی ٹی 20 کرکٹ سیریز کا فائنل آج کھیلا جائیگا

کیرتی پور (این این آئی) تین ملکی ٹی 20 کرکٹ سیریز کا فائنل (آج) پیر کو نیپال اور پاپوانیو گنی کے درمیان کھیلا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق میزبان ٹیم نیپال نے تمام چاروں میچ جیت کر 8 پوائنٹس کیساتھ ٹاپ پوزیشن حاصل کی، پاپوانیو گنی اور ملائیشیا کی ٹیموں نے ایک، ایک میچ جیتا تاہم پاپوانیو گنی کی ٹیم نے بہتر رن ریٹ کے باعث دوسری پوزیشن حاصل کی اور فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا۔ شیڈول کے مطابق تین ملکی ٹی 20 کرکٹ سیریز کا فائنل (آج) پیر کو نیپال اور پاپوانیو گنی کے درمیان کھیلا جائے گا۔

ٹورنامنٹ ایک ورلڈ کلاس حریف کیلئے ورلڈ کلاس ردِعمل ہے

بابر اعظم، امام الحق، شاہین آفریدی اور حارث رؤف سمیت پوری ٹیم کی تعریف

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد خان آفریدی نے کہا کہ یہ ٹورنامنٹ ایک ورلڈ کلاس حریف کے لیے ورلڈ کلاس ردِعمل ہے۔ مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ٹوئٹر پر شاہد خان آفریدی نے قومی ٹیم کی کامیابی کے بعد پیغام جاری کیا اور اس جیت پر ٹیم کو مبارکباد بھی دی۔ شاہد آفریدی نے لکھا کہ ہمیں واقعی خوش ہونے کیلئے اچھی خبر کی ضرورت تھی۔ سابق کپتان نے تحریر کیا کہ یہ ٹورنامنٹ ایک ورلڈ کلاس حریف کے لیے ورلڈ کلاس ردِعمل۔ شاہد آفریدی نے بیچ میں بہترین پرفارمنس دکھانے پر بابر اعظم، امام الحق، شاہین آفریدی اور حارث رؤف

یوڈوارنر کی ساتھی مسلمان کرکٹرز کو رمضان کے مقدس مہینے کی مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کے اوپننگ بیٹر ڈیوڈ وارنر نے ساتھی مسلمان کرکٹرز کو رمضان کے مقدس مہینے کی مبارکباد دی ہے۔ ڈیوڈ وارنر نے انسٹاگرام پر رمضان المبارک کا خصوصی پوسٹر شیئر کیا۔ انہوں نے ٹوئیٹ میں کرکٹرز راشد خان، عثمان خواجہ، محمد نبی سمیت دیگر سے مخاطب ہوتے ہوئے لکھا کہ میرے دوستوں کو رمضان کا مہینہ مبارک ہو۔ اس سے قبل آسٹریلیا کے ٹیسٹ ٹیم کے کپتان پیٹ کمنز نے بھی تمام مسلمانوں کو ماہ صیام کی مبارکباد پیش کی تھی

بابر اعظم سنچری بنانے والے بیٹرز کی فہرست میں دوسرے نمبر پر آگئے

پاکستان کی جانب سے سب سے زیادہ ون ڈے سنچریاں بنانے کا اعزاز سعید انور کے پاس ہے



لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم پاکستان کی جانب سے سب سے زیادہ سنچری بنانے والے بیٹرز کی فہرست میں دوسرے نمبر پر آگئے، انہوں نے محمد یوسف کو پیچھے چھوڑ دیا۔ گزشتہ روز قذافی اسٹیڈیم لاہور میں بابر اعظم نے 105 رنز کی اننگز کھیلتے ہوئے کیریئر کی 16 ویں سنچری اسکور کی۔ وہ محمد یوسف کو پیچھے چھوڑتے ہوئے پاکستان کی جانب سے سب سے زیادہ ون ڈے سنچریاں بنانے والے پلیئرز کی فہرست میں دوسرے نمبر پر آگئے۔ خیال رہے کہ لیجنڈری سعید انور 20 سنچریوں کے ساتھ پہلے نمبر پر ہیں جبکہ انہیں کرکٹ سے علیحدہ ہوئے تقریباً 19 سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ ریکارڈ ساز بلے باز محمد یوسف نے ون ڈے فارمیٹ میں 15 سنچریاں اسکور کی تھیں۔

بقیہ 1

عدالت عظمیٰ نے ریاستی عہدیداروں کو کسی بھی ماورائے آئین اقدام سے روک دیا۔ سپریم کورٹ نے ریمارکس دیے کہ ہم نے مناسب سمجھا ہے کہ معاملہ کو نوٹس لیں، کیس کو صرف کل کے لیے ملتوی کر رہے ہیں، کوئی بھی ریاستی ادارہ غیر آئینی اقدام نہ کرے۔ دوران سماعت سپریم کورٹ نے ریمارکس دیے کہ جائزہ لیں گے کہ ڈپٹی اسپیکر کی جانب سے دی گئی رولنگ کی کیا حیثیت ہوگی اور اس ضمن میں آئینی ارٹیکل 5 میں دی گئی پابندی کا مکمل علم ہے، عدم اعتماد میں شامل تمام سیاسی جماعتیں اور ریاستی ادارے امن وامان برقرار رکھیں۔ سپریم کورٹ نے سیکریٹری داخلہ کو امن وامان برقرار رکھنے کے لیے کیے گئے اقدامات بارے آگاہ کرنے کی ہدایت کی اور ریمارکس دیے کہ کوئی بھی موجودہ صورتحال کا فائدہ اٹھانے کی کوشش نہ کرے۔ علاوہ ازیں پیپلز پارٹی کی جانب سے صدارتی حکم اور ڈپٹی اسپیکر کی رولنگ معطل کرنے کی استدعا پر سپریم کورٹ نے متفرق درخواستوں پر تمام فریقین کو نوٹسز جاری کردیے اور درخواستوں کو نمبر لگانے کی ہدایت کردی۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے ریمارکس دیے کہ صرف قانون پر ہی بات ہوگی اور قانون پر ہی فیصلہ دیا جائے گا، وزیراعظم یا صدر کی جانب سے لئے گئے اقدامات سپریم کورٹ کے فیصلے سے مشروط ہوں گے۔ عدالت نے پنجاب میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کو امن وامان کو یقینی بنانے کی ہدایت کی اور ایڈوکیٹ جنرل پنجاب کو بھی نوٹسز جاری کردیا۔ بعدازاں عدالت عظمیٰ نے سیکریٹری داخلہ اور دفاع کو بھی نوٹسز جاری کردیے جبکہ سپریم کورٹ نے سیاسی حالات پر لیے گئے ازخودنوٹس پر لارجر بینچ بنانے کا فیصلہ کیا ہے جس کے بعد 4اپریل (کل) ہونے والی سماعت پانچ رکنی لارجر بینچ کرے گا۔ نیا تشکیل دیا جانے والا لارجر بینچ کل دن ایک بجے ازخودنوٹس کی سماعت کرے گا۔ اس سے قبل سپریم کورٹ کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا کہ چیف جسٹس پاکستان نے ملک کی موجودہ صورتحال کا نوٹس لیا ہے۔ علاوہ ازیں پاکستان پیپلز پارٹی نے حکومت کی جانب سے تحریک عدم اعتماد کو مسترد کرنے اور قومی اسمبلی کی تحلیل کے اقدامات کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا گیا تھا۔ ان اقدامات کے خلاف پیپلز پارٹی کے رہنما نیئر بخاری کی جانب سے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کی گئی، عدالتی عملہ چھٹی والے دن سپریم کورٹ پہنچا اور اپوزیشن کی درخواستیں وصول کیں۔ اپوزیشن نے پٹیشن میں عدالت سے استدعا کی کہ ڈپٹی اسپیکر کا اقدام آئین کے آرٹیکل17،66، 95 کی خلاف ورزی ہے، ڈپٹی اسپیکر کا اقدام کالعدم قرار دیا جائے اور دوبارہ عدم اعتماد پر ووٹنگ کرانے اور نتیجہ دینے کا حکم دیا جائے۔ درخواست میں صدر، وزیر اعظم، اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر سمیت دیگر کو فریق بناتے ہوئے کہا کہ جن ذمہ داروں نے آئین کی خلاف ورزی کی اور آئین کو توڑا ان سب کا قانون کے مطابق ٹرائل کا حکم دیا جائے۔

بقیہ 2

عدالت یہ بھی قرار دے سکتی ہے کہ مسئلہ کا حل الیکشن ہے۔

بقیہ 3

وزیر خارجہ کا فون آیا، انھوں نے موجودہ صورت حال پر تشویش کا اظہار کیا، وہ کہتے ہیں وزیر اعظم عمران خان کو مدت پوری کرنی چاہیے۔ شاہ محمود نے کہا کہ انھوں نے ترکی کی تشویش اور جذبات کو وزیراعظم تک بھی پہنچا دیا ہے، چین اور ترکی جیسے دوست صورت حال پر تشویش کا اظہار کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ترک وزیر خارجہ نے تحریک عدم اعتماد کے بارے میں پوچھا تو انھیں بتایا کہ حکومت کی جانب سے اپنا دفاع کیا جا رہا ہے تاہم موجودہ صورت حال پر پاکستان کے دوست اور خیر خواہ ممالک کو فکر لاحق ہے۔ انھوں نے بتایا کہ ترکی کے وزیر خارجہ نے اظہار یک جہتی کیا ہے، ترک وزیر خارجہ چاہتے ہیں پاکستان میں استحکام ہو اور دوستی بڑھے، ترک وزیر خارجہ صورت حال کا جائزہ لے رہے ہیں۔ شاہ محمود نے کہا حکومت کی آئینی مدت پوری ہونی چاہیے، وزیراعظم کو آگاہ کیا تو انھوں نے کہا ترک بھائیوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

بقیہ 4

میں ووٹنگ کیلئے اسلام آباد میں سکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے ، پارلیمنٹ ہاؤس اور ڈی چوک جانے والے تمام راستوں کو ہر قسم کی آمدروفت کیلئے بند کیا گیا اور ریڈ زون میں کسی بھی جماعت کے کارکنوں کو داخلے کی اجازت نہیں تھی، اسلام آباد پولیس کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ تین خواتین ریڈ زون میں ڈرامہ کر رہی تھیں، پولیس اہلکاروں کی جانب سے وائرلیس پر پی ٹی آئی کارکنوں کی موجودگی کے بارے میں آگاہ کیا گیا جس پر تینوں خواتین کو پارلیمنٹ کے مرکزی گیٹ کے سامنے پہنچنے پر حراست میں لیا گیا۔ دوسری جانب اسلام پولیس کے اہلکاروں کو ریڈ زون کے باہر کھڑے سیاسی جماعتوں کے کارکنوں پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے۔

بقیہ 5

وقانون فواد چوہدری نے ایک ٹوئٹ میں کہا کہ وزیراعظم نے آئین کے آرٹیکل 58 کے تحت صدر مملکت کو قومی اسمبلی تحلیل کرنے کی ایڈوائس بھیج دی ہے۔ دوسری جانب وزیر مملکت اطلاعات ونشریات فرخ حبیب نے ایک ٹوئٹ میں تصدیق کی کہ اسمبلی تحلیل ہوچکی ہے۔ پارلیمنٹ سے بیرون ملک پاکستانیوں کو ووٹ دینے کا حق مل چکا ہے، غدار بیرون ملک پاکستانیوں سے ووٹ ڈالنے کا حق اب واپس نہیں لے سکتے۔

بقیہ 6

دیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ صدر مملکت کو اسمبلیاں تحلیل کرنے اور نئے انتخابات کی تجویز بھیج دی ہے، قوم عام انتخابات کی تیاری کرے ، مجھے گزشتہ روز سے لوگ پیغامات دے رہے تھے کہ لوگ آپ سے غداری کر رہے ہیں اور رقومات لے رہے ہیں، جنھوں نے اپوزیشن جماعتوں سے پیسے لیے وہ ان رقومات کو لنگر خانوں میں دے دیں۔ دریں اثنا صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو اسمبلی تحلیل کرنے کی سمری موصول ہوگئی جسے انہوں نے منظور کرلیا جس کے بعد آئینی طور پر اب قومی اسمبلی تحلیل کردی۔ وزیر مملکت برائے اطلاعات فرخ حبیب نے ٹویٹ کیا کہ اسمبلی تحلیل ہوچکیں اب آئندہ 90دن میں انتخابات ہوں گے، غداروں اور ضمیر فروشوں عوام میں آ ؤ، بیرونی سازشوں اور بند کمروں سے باہر نکلو، اب آپ کو انتخابات سے راہ فرار اختیار نہیں کرنے دیں گے۔ وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا کہ وفاقی کابینہ تحلیل ہوچکی تاہم آئین کے آرٹیکل 224 کے تحت وزیر اعظم اپنی ذمہ داریاں جاری رکھیں گے۔

بقیہ 7

بازی کرتے ہوئے کون بچائے گا پاکستان، عمران خان عمران خان کے نعرے لگائے۔ ڈپٹی اسپیکر نے وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری کو اظہار خیال کا موقع دیا۔ وزیر قانون فواد چوہدری نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ 7 مارچ کو ایک میٹنگ ہوتی ہے اور اس کے ایک روز بعد 8 مارچ کو وزیراعظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کی جاتی ہے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ ہمارے سفیر کو 7 مارچ کو ایک میٹنگ میں طلب کیا جاتا ہے، اس میں دوسرے ممالک کے حکام بھی بیٹھتے ہیں، ہمار یسفیر کو بتایا جاتا ہے کہ عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کی جاری ہے، اس وقت تک پاکستان میں بھی کسی کو پتہ نہیں تھا کہ تحریک عدم اعتماد آ رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمارے سفیر کو بتایا جاتا ہے کہ پاکستان سے ہمارے تعلقات کا دارومدار اس عدم اعتماد کی کامیابی پر ہے، اگر تحریک عدم اعتماد کامیاب ہوتی ہے تو آپ کو معاف کردیا جائیگا تاہم اگر اعتماد کامیاب نہیں ہوتی تو آپ کا اگلا راستہ بہت سخت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ غیر ملکی حکومت کی جانب سے حکومت کی تبدیلی کی بہت ہی متاثر کوشش ہے، بدقسمتی سے اس کے ساتھ ہی اتحادیوں اور ہمارے 22 لوگوں کا ضمیر جاگ جاتا ہے اور معاملات یہاں تک آ پہنچتے ہیں۔ وزیر قانون نے کہا کہ کیا یہ 22 کروڑ لوگوں کی قوم اتنی نحیف ونزار ہے کہ باہر کی طاقتیں یہاں پر حکومتیں بدل دیں، ہمیں بتایا جائے کہ کیا بیرونی طاقتوں کی مدد سے حکومت تبدیل کی جاسکتی ہے، کیا یہ آئین کے آرٹیکل 5 کی خلاف ورزی نہیں ہے؟ کیا پاکستان کے عوام کٹھ پتلیاں ہیں؟ کیا ہم پاکستانیوں کی کوئی حیثیت نہیں ہے؟ کیا ہم غلام ہیں؟ کیا اپوزیشن لیڈر کے بقول ہم بھکاری ہیں؟ فواد چوہدری نے کہا اگر ہم غیر مند قوم ہیں تو یہ تماشہ نہیں چل سکتا اور اس پر رولنگ آنی چاہیے۔ فواد چوہدری کے اعتراض کے بعد ڈپٹی اسپیکر کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے خلاف اپوزیشن نے تحریک عدم اعتماد 8 مارچ2022 کو پیش کی تھی، عدم اعتماد کی تحریک کا آئین، قانون اور رولز کے مطابق ہونا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی غیرملکی طاقت کو یہ حق نہیں کہ وہ سازش کے تحت پاکستان کی منتخب حکومت کو گرائے، وزیر قانون نے جو نکات اٹھائے ہیں وہ درست ہیں لہٰذا میں رولنگ دیتا ہوں کہ عدم اعتماد کی قرارداد آئین، قومی خودمختاری اور آزادی کے منافی ہے اور رولز اور ضابطے کے خلاف میں یہ قرارداد مسترد کرنے کی رولنگ دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل 54 کی شق 3 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے جمعہ 25مارچ2022 کو طلب کردہ اجلاس کو برخاست کرتا ہوں انہوں نے اجلاس کو غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کردیا گیا۔

بقیہ 8

ہے نہ ہی کوئی تعلق۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے اقدامات میں فوج کی رضا مندی شامل ہونے پر جواب دیتے ہوئے کہا کہ ایبسولوٹلی ناٹ، ان اقدامات میں فوج کی رضا مندی شامل ہونے پر کوئی صداقت نہیں۔

بقیہ 9

رہی ہے اور پاکستان کے اندرونی مسائل میں مداخلت ہو رہی ہے تو کیا پاکستان کا آئین اس چیز کی اجازت دیتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ اگر نیشنل سیکیورٹی کمیٹی کا پلیٹ فارم فیصلہ دیتا کہ ہمیں اس مداخلت کے خلاف سیاسی پالیسی بنانی چاہیے اور دفتر خارجہ کو ہدایت کرتا ہے اور امریکی ناظم الامور کو بلا کر ہم سیاسی پالیسی بناتے ہیں تو اپوزیشن کو سازشی ٹولہ یہ بتائے کہ اس کی گنجائش آئین میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیا اس وقت ملک کی ایک منتخب حکومت کو ہٹانا پاکستان کے مفاد میں ہے، جب ایک طرف بھارت میزائل داغ رہا ہے، افغانستان کے حالات اتنے سنگین ہیں اور تیل، گندم کی قیمتوں آسمانوں سے بات کر رہی ہیں، کیا یہ جمہوریت ہے کہ پاکستان کے مفادات کو داؤ پر لگا دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ کرسی کی لالچ اور اپنے نیب کیسز کے خوف میں مبتلا ہوکر عمران خان کے خلاف سازش کر رہے ہیں، کیا یہ میثاق جمہوریت کی پاسداری ہے، کیا ان کا منشور ملتا ہے، کیا ان کی منزل ایک ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیا نظام کے خلاف سازش پاکستان کی عوام برداشت کر پائے گی، میں کہتا ہوں کہ قوم خاموش نہیں رہے گی، آپ نے دیکھا کہ 27 مارچ کو لوگ ان کے خلاف نکلے۔ شاہ محمود قریشی نے پی ٹی آئی کے کارکنان سے درخواست کی کہ قانون کو ہاتھ میں نہ لیں، املاک کو نقصان نہ پہنچائیں، کسی پر ہاتھ نہ اٹھائیں یہ ہماری پالیسی ہے، ہم نے اپنے نظریئے کا دفاع کرنا ہے، پاکستان کے مفاد کا دفاع کرتے ہوئے پاکستان کی عظمت کیلئے آواز اٹھانی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر اعظم نے گزشتہ رات پارلیمانی پارٹیز کو بلایا تھا انہیں عشائیہ دیا اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال بھی کیا۔

بقیہ 10

ضمیر کے خلاف دستخط کیے، میں یہ کہتا ہوں کہ میں نے غیر آئینی غیر قانونی کام کیا اور مجھے رات کے اندھیرے میں عہدے سے ہٹادیا گیا ، میں اسی کا مستحق تھا، مجھے یہ نہیں کرنا چاہیے تھے۔

بقیہ 11

وزیر خزانہ نے کہا کہ عمران نیازی نے تکبر، انا، غرور اور عدم تحفظ کی وجہ سے پاکستان کو ایک سنگین آئینی بحران سے دوچار کردیا ہے جو شرمناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ لگتا ہے انہیں فوری دماغی طبعی معائنہ کی ضرورت ہے کیونکہ کوئی بھی ذی شعور شخص اسطرح ملک کا دنیا میں مذاق نہیں بنا سکتا۔

بقیہ 12

کیا گیا خیال رہے کہ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے وزیراعظم عمران خان کی تجویز پر قومی اسمبلی تحلیل کردی۔ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری کی جانب سے وزیراعظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد کی قرارداد کو آئین کے منافی قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا گیا۔

بقیہ 13

کہ عمران خان کی حکومت نے پاکستان کے آئین وقانون کے ساتھ کھلواڑ کیا ہے، آئین کی دھجیاں اڑا دی گئیں، آئین اور جمہوری اقدار کے منافی اقدام کی مذمت کرتا ہوں اور حکومت کا مزید دفاع نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی اسپیکر نے اقدام وزیراعظم عمران خان کے ویژن، خواہش اور منشا کے مطابق ہوا، یہ قطعی طور پر آئین وقانون کے مطابق نہیں تھا، سپریم کورٹ آئین کی کسٹوڈین ہے اور اسے اس اقدام پر ازخود نوٹس لینا چاہیے۔ راجا خالد محمود نے کہا کہ وزیراعظم کا صدر کو اسمبلیاں تحلیل کرنے کی تجویز دینا اور صدر کا نئے وزیراعظم کے انتخاب تک عمران خان کو اپنا کام جاری رکھنے کی ہدایت دینا بھی صریحا غیر آئینی ہے، وزیراعظم کا اقدام آئین کے آرٹیکل 6 کے زمرے میں۔ پارلیمنٹ کی کارروائی چیلنج ہونے سے متعلق انہوں نے کہا کہ اس سے قبل 17ویں ترمیم سپریم کورٹ میں چیلنج کی گئی اور جس میں ترمیم کے لیے عدالت عظمیٰ نے ہدایات دی تھیں اور پھر یہ 18ویں ترمیم کی صورت میں سامنے آئی، اس کے علاوہ بھی اس طرح کی اور مثالیں ہیں، جہاں آئین کی صریح خلاف ورزی ہوتو سپریم کورٹ کارروائی کر سکتی ہے اور اس تمام کارروائی کو کالعدم قرار دے سکتی ہے۔ واضح رہے کہ کچھ دیر قبل ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری نے وزیراعظم عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد کو آئین وقانون کے منافی قرار دے کر مسترد کردیا۔

بقیہ 14

لوٹ لیا اور بے ہوش مسافر کو کنعان پارک میں پھینک دیا جسے ریسکیو 1122 راہگیروں کی اطلاع پر بے ہوشی کی حالت میں ساہیوال ہسپتال پہنچایا جہاں دم توڑ دیا۔ پولیس تھانہ سٹی نے لاش پوسٹ مارٹم کے لئے مردہ خانہ منتقل کردی تاہم ابھی تک ورثاء کا سراغ نہیں چل سکا۔

بقیہ 15

جا کر مصافحہ کیا اور شکریہ ادا کیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے وزیراعلیٰ آفس کے سٹاف کی خدمات کو سراہا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ وزیراعلیٰ آفس کے سٹاف نے دن رات کام کیا اور اپنی ذمہ داریاں بطریق احسن ادا کیں۔ دیانتداری سے شب وروز فرائض سرانجام دینے والے سرکاری ملازمین کی دل سے قدر کرتا ہوں۔ وزیراعلیٰ نے سٹاف سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور آپ کی محبتوں کو فراموش نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ آفس سے خوشگوار یادیں لیکر جارہا ہوں ۔ میرے دروازے آپ سب کے لئے پہلے بھی کھلے تھے اور آئندہ بھی کھلے رہیں گے۔ سٹاف نے وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم آپ کے مستقبل کیلئے دعا گو ہیں اور آپ نے ہمیشہ محبت اور بہت احترام دیا۔ پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ اور سیکرٹری کوآرڈینیشن وزیراعلیٰ بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 16

بڑے جلسے کریگا، میرا اندازہ ہے کہ یہ عمران خان کو گرفتار کریں گے، یہ برداشت نہیں کریں گے کہ عمران خان اس طاقت سے نکلے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ غیر ملکی طاقتیں بھی یہ نہیں چاہیں گی کہ عمران خان سارے ملک میں ان کے خلاف فضا بنا دیں۔ اس کے علاوہ قومی اسمبلی آمد پر گفتگو کرتے ہوئے ہماری ساری دعائیں عمران خان کے ساتھ ہیں، کھیل شروع ہوا ہے، دیکھیں یہ کتنے دن کھیلتے ہیں اور ہمیں بھرپور کوشش کرنی ہے کہ آئینی، قانونی اور اقتصادی معاملات کو سامنے رکھ کر مقابلہ کریں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اگر ہم ہار بھی گئے تو کوئی بات نہیں، ہم دس، دس مہینوں میں گھر گئے ہیں، یہ تو چار سال ہوگئے ہیں، یہ گنتی کریں کہ یہ کتنے دن لگائیں گے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز پریس کانفرنس کے دوران بھی شیخ رشید احمد نے ملک میں فوری نئے انتخابات کی تجویز پیش کی تھی۔ انہوں نے کہا تھا کہ اب دو ہی راستے ہیں، پہلا یہ کہ ملک میں انتخابات کرا دیے جائیں اور دوسرا یہ ہے کہ پی ٹی آئی کے تمام 155 سے160 لوگ اسمبلی کی نشستوں سے مستعفی ہوجائیں۔ انہوں نے کہا کہ اب دو ہی راستے ہیں، پہلا یہ کہ ملک میں انتخابات کرا دیئے جائیں اور دوسرا یہ ہے کہ پی ٹی آئی کے تمام 155 سے160 لوگ اسمبلی کی نشستوں سے مستعفی ہوجائیں۔

بقیہ 17

دیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران نیازی ملک میں جمہوریت کو لپیٹ دینا چاہتے ہیں، ملک میں خلاء پیدا ہوچکا، سپریم کورٹ سے ریلیف ملنے کی امید ہے۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر، صدر مسلم لیگ (ن) نے کہا کہ یہ منٹ اور گھنٹے انتہائی خطرناک ہیں، مکمل خلاء ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اور ان کے حواری جمہوریت کا چہرہ مسخ کرنا چاہتے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا ہے کہ ڈپٹی اسپیکر نے آئین کی دھجیاں اڑا دیں، عمران نیازی نے غیر آئینی اور غیر قانونی کام کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن پاکستان کی تاریخ میں سیاہ ترین دن گنا جائے گا۔

بقیہ 18

کی اشیا پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ ضلع بھر کے سستے رمضان بازاروں میں صفائی ستھرائی ،خریداروں کے بیٹھنے کے انتظامات اور خصوصی افراد کے لئے بھی خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں تا کہ انہیں خریداری کے لئے کسی دقت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر محمد اصغر جوئیہ نے شہر میں لگنے والے سستے رمضان بازاروں کمپنی باغ اور نیو سٹیلائیٹ ٹاؤن ٹاہلی چوک کا دورہ کرتے ہوئے پھلوں و سبزیوں کے سٹالوں پر اشیا کی کوالٹی کو چیک کی۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک کے مقدس ایام سے قبل سستے رمضان بازاروں کو فعال کر دیا گیا۔ جہاں پھل اور سبزیاں اور کریانہ کی اشیاءعام مارکیٹ سے کم نرخوں پر دستیاب ہیں جبکہ آٹے اور چینی پر سبسڈی دی جا رہی ہے۔ انہوں نے عملہ کو ہدایت کی کہ ریٹ لسٹ سٹالوں پر آویزاں کئے جانے کو یقینی بنائیں رمضان بازاروں میں شکایات رجسٹرڈ رکھے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ آٹے اور چینی کی فروخت کے حوالہ سے ریکارڈ کو مرتب کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر کو اسسٹنٹ کمشنر عظیم شوکت اعوان نے سستے رمضان بازاروں میں فراہم کی جانے والی سہولیات اور صفائی ستھرائی سے متعلق بریفنگ دی۔

بقیہ 19

کو ترجیح دی۔ میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے چوہدری محمد سرور نے کہا کہ میں غیر آئینی کام کیسے کرسکتا ہوں، غیر آئینی کام سے بچنے کیلئے چند روز قبل استعفے کی پیشکش کردی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ ساتھیوں کی مشاورت سے آئندہ کی حکمت عملی کا اعلان کروں گا۔

بقیہ 20

منافی قرار دیتے ہوئے مسترد کر کے اجلاس غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کردیا جبکہ عمران خان کی تجویز پر صدر مملکت عارف علوی نے قومی اسمبلی تحلیل کر دی۔ ملک کی سیاست کے حوالے سے پاکستان کے تاریخی دن پر سوشل میڈیا پر صارفین کافی سرگرم رہے اسی حوالے سے سرپرائز ٹاپ ٹرینڈ میں شامل ہوگیا ہے۔ حکومت کے حامی صارفین کے مطابق وزیر اعظم نے اپوزیشن کو حقیقی معنوں میں سرپرائز دیا تاہم لوگوں نے قاسم سوری پر دلچسپ تبصرے کیئے۔ ملک نامی صارف نے کہا کہ قومی اسمبلی کی تاریخ میں یہ بہترین لمحہ تھا جب تحریک عدم اعتماد کی قرارداد مسترد کی گئی، کیا سرپرائز تھا۔ سوشل میڈیا کی ایک صارف نے قاسم سوری پر میم شیئر کی اور لکھا کہ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی نے اپوزیشن کے ساتھ ایسا کیا۔ ایک صارف نے ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی کی تصویر شیئر کی اور ہنستے ہوئے کہا کہ اس بندے نے اپوزیشن کے 176 ارکان کو ایک منٹ سے کم وقت میں ٹرول کردیا۔ ایک اور سوشل میڈیا صارف نے قاسم سوری کی تصویر پر کہا کہ خواتین وحضرات آپ کے سامنے پیش ہے اپوزیشن کے ارادے مسمار کرنے والا اور اپوزیشن کو ٹرول کرنے والا۔ ایک صارف نے ڈپٹی اسپیکر کو بادشاہ ہی کہہ ڈالا۔ ابرار محمود نے کہا کہ قاسم سوری نے اسٹائل کے ساتھ سارا معاملہ نمٹا دیا۔ ایک اور سوشل میڈیا صارف نے کہا کہ اپوزیشن ڈپٹی اسپیکر کی وجہ سے رو رہی ہے۔ ملک فضل عباس نے لکھا کہ ہمارے چیتے نے عدم اعتماد کی تحریک مسترد کر کے بہت اچھا کام کیا۔

بقیہ 21

بتایا کہ وزیرِ اعظم عمران خان اپوزیشن لیڈر شہباز شریف کی مشاورت سے نگراں وزیر اعظم کا اعلان کریں گے۔ حکومتی ذرائع نے بتایا کہ خط لکھ کر آئینی ضرورت کو پورا کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 22

انہوں نے کہا کہ پاکستان کے آئین کو توڑنے کی سزا واضح ہے، آئین کے مطابق عدم اعتماد پر ووٹنگ ہونی تھی، متحدہ اپوزیشن نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہم نیشنل اسمبلی میں اس وقت تک دھرنا دیں گے جب تک ہمارا آئینی حق نہ دیا جائے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے کہا کہ پورا پاکستان جانتا ہے اور وزیراعظم اور اسپیکر سمیت سب نے دیکھ لیا کہ اپوزیشن کی تعداد مکمل تھی، ہمارے پاس اکثریت ہے کہ وزیراعظم کو تحریک عدم اعتماد میں شکست دلوائیں۔ انہوں نے کہا کہ عدم اعتماد پر اپنے وکلا کے ہمراہ سپریم کورٹ پہنچیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک عدم اعتماد وزیراعظم کے خلاف جمع ہوچکی ہے، وہ اب پارلیمان کو تحلیل نہیں کرسکتے، انہیں عدم اعتماد کا مقابلہ کرنا پڑے گا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ہم نے اسپیکر کے خلاف بھی عدم اعتماد جمع کروا رکھی ہے، اب واحد آئینی اور جمہوری راستہ یہی ہے کہ سپریم کورٹ یہ فیصلہ دے کہ عدم اعتماد پر ووٹنگ ہو۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان صاحب تحریک عدم اعتماد کو سازش قرار دے کر جھوٹ بول رہے ہیں اور وزیراعظم کے الیکشن سے بھاگ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے میدان سے بھاگ کر یہ بچکانہ حرکت کر کے اپنے آپ کو ایکسپوز کردیا ہے، میں پاکستان کے عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ آئین اور جمہوریت کا ساتھ دیں اور کسی کٹھ پتلی اور غیر جمہوری شخص کو آپ کے حق پر ڈاکہ مارنے کی اجازت نہ دیں۔

بقیہ 23

بھاگا ہے۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن کی تحریک عدم اعتماد مسترد کئے جانے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پوری قوم جانتی ہے کہ تحریک جعلی وزیراعظم کے خلاف قومی اسمبلی میں عدم اعتماد کی تحریک ایجنڈے پر تھی لیکن ایک غیر متعلقہ خط کا سہارا لے کر ایجنڈے کو نظر انداز کر کے عدم اعتماد کو مسترد کرنے کی بھونڈی حرکت کی گئی اور پورے ملک کو ایک سیاسی بحران کی طرف دھکیل دیا گیا، تاریخ میں پہلی بار اتنے ذمہ دار منصب سے اتنی بڑی حماقت دیکھی گئی۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ جو کچھ ہوا عمران خان نے ڈکٹیٹروں کو بھی پیچھے چھوڑ دیا، وہ ہارا نہیں بلکہ انتہائی ذلت اور رسوائی کے ساتھ بھاگا ہے، عمران خان نے کوشش کی کہ میں جس گھر میں نہ رہوں وہاں کے در و دیوار، برتن اور دیگر سامان توڑ دیا جائے، ایسا کام صرف پاگل نہیں باولا ہی کرسکتا ہے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ ہم نے بار بار قوم کو آگاہ کیا تھا کہ یہ شخص اپنی دماغی اور ذہنی کیفیت کی بنیاد پر ملک کا وزیراعظم بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا، ناجائز راستے سے اقتدار میں آنے والا ناجائز راستے سے بھاگ گیا، لیکن اپوزیشن کی تحریک عدم اعتماد اپنی جگہ پر قائم ہے۔

بقیہ 24

سے ملاقات کی اور انہیں ووٹ دینے کی یقین دہانی کروائی، پرویز الٰہی نے حمایت پر ارکان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 25

ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ شہید اہلکاروں کی نماز جنازہ میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ، حاضر و ریٹائرڈ فوجی افسران نے شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اقوام متحدہ حکام اور شہداء کے اہل خانہ کی جانب سے بھی نماز جنازہ میں شرکت کی گئی۔ خیال رہے کہ 29 مارچ کو افریقی ملک کانگو میں پاک فوج کے ایوی ایشن یونٹ کے چھ اہلکار ہیلی کاپٹر ‘پوما’ حادثے میں شہید ہوگئے تھے، شہیدوں میں لیفٹیننٹ کرنل آصف، میجر سعد، معاون پائلٹ میجر فیضان علی، نائب صوبیدار سمیع اللہ خان، حوالدار محمد اسماعیل، کریو چیف محمد جمیل شامل ہیں۔ پاک فوج کے ایوی ایشن یونٹ کو اقوام متحدہ کے امن مشن پر سنہ 2011 میں تعینات کیا گیا تھا۔

بقیہ 26

پارٹی کیلئے سرگرمیاں نہیں کر رہے تھے۔ یہ افواہیں زیر گردش ہیں کہ گورنر پنجاب پنجاب کے وزیراعلیٰ کے انتخاب میں مسلم لیگ (ن) کی حمایت کرنے والے پی ٹی آئی کے ایک گروپ سے مکمل رابطے میں تھے جس کا علم ہونے پر وفاقی حکومت نے انہیں اچانک برطرف کرنے کا فیصلہ کیا۔ چوہدری سرور کی اچانک برطرفی سیاسی حلقوں میں موضوع بحث بن گئی ۔ ذرائع کے مطابق پنجاب اسمبلی کی راہداریوں میں بھی اراکین اسمبلی چوہدری سرور کی برطرفی پر گفتگو کرتے رہے۔

بقیہ 27

رمضان بازار کا دورہ کر کے تمام انتظامات کو چیک کیا اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، کوالٹی اور دستیابی کو چیک کیا۔ نادر اسسٹنٹ کمشنر چونیاں خرم حمید نے اپنی اپنی تحصیلوں میں قائم کیے گئے سستے رمضان بازاروں کے دورے کیے اور وہاں پر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، کوالٹی اور دستیابی کو چیک کیا۔ اسسٹنٹ کمشنرز کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت کی ہدایات پر ضلع بھر میں سستے رمضان بازار مکمل طور پر فعال ہو چکے ہیں جہاں پر شہریوں کو سستی اور معیاری اشیاء کی بلاتعطل فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ رمضان بازاروں کا بنیادی مقصد شہریوں کو مارکیٹ ریٹ سے کم نرخوں پر معیاری اشیائے خورد ونوش کی فراہمی ہے، رمضان المبارک کے دوران ڈیمانڈ کے مطابق سپلائی یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھایا جائے گا، شہریوں کی شکایات کے ازالہ کے لئے جامع طریقہ کار وضع کر دیا گیا ہے، سستے رمضان بازاروں کیساتھ ساتھ عام مارکیٹوں میں بھی آٹا اور چینی وافر مقدار میں موجود ہے۔ ماہ صیام میں شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔ ضلع بھر میں گرانفروشوں کے خلاف کریک ڈاون جاری ہے، مصنوعی مہنگائی و ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 28

آئین پاکستان کی خلاف ورزی برداشت نہیں کرسکتا۔ آئین پاکستان کی خلاف ورزی ملک کے مستقبل کیلئے انتہائی خطرناک ہے۔ تمام سرکاری ملازمین سے بھی یہ اپیل ہے کہ آئین کی بالادستی اور حفاظت کیلئے کردار ادا کریں۔

بقیہ 29

زہر قاتل ہے اس لئے سیاستدانوں کو اپنے رویوں پر نظر ثانی کرنا ہوگی۔ موجودہ صورتحال پر اپنے بیان میں فرحان شہزاد نے کہا کہ ملک کے نامور قانونی ماہرین کی جانب سے ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی کی رولنگ پر رائے سامنے آئی ہے، اس وقت ملک میں ہیجان کی کیفیت برپا ہے جس کی وجہ سے پورا ملک عجیب صورتحال کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کسی طور پر آئینی بحران کا متحمل نہیں ہوسکتا اور چیف جسٹس پاکستان کی جانب سے فوری نوٹس لیا جانا خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء برادری آئین وقانون کے ساتھ کھڑی ہے اور وہ کسی بھی غیر آئینی اور غیر قانونی اقدام کی حمایت نہیں کریں گے بلکہ اس کی راہ میں رکاوٹ بنیں گے۔ فرحان شہزاد نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو ایک ادارے کی طرح ہونا چاہیے جن کا ہر اقدام ملک وقوم کی بہتری کے لئے ہونا چاہیے۔

بقیہ 30

نہیں۔ اسد عمر نے اپنے ایک اور بیان میں اپوزیشن کو کرارا جواب دیتے ہوئے کہا کہ بولا تھا لگ پتہ جائے گا۔ واضح رہے کہ قومی اسمبلی کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری نے وزیر اعظم عمران خان کے خلاف اپوزیشن کی تحریک عدم اعتماد کی قرارداد مسترد کردی۔

بقیہ 31

پنجاب میں 5لاکھ 5ہزار127، سندھ میں 5 لاکھ 75 ہزار683، خیبر پختونخوا میں 2لاکھ 19 ہزار 106، بلوچستان میں 35 ہزار 476، گلگت بلتستان میں 11 ہزار 710، اسلام آباد میں ایک لاکھ 35 ہزار88 جبکہ آزاد کشمیر میں 43 ہزار276 کیسز رپورٹ ہوئے۔ ملک بھر میں اب تک 2 کروڑ75 لاکھ61ہزار288 افراد کے ٹیسٹ کیے گئے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 30 ہزار 167 نئے ٹیسٹ کیے گئے، اب تک 14لاکھ 86ہزار113 مریض صحتیاب ہوچکے ہیں جبکہ 365 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ پاکستان میں کورونا سے ایک دن میں ایک شخص جاں بحق ہوا، جس کے بعد وائرس سے مرنے والوں کی تعداد 30 ہزار 361 ہوگئی۔ پنجاب میں 13 ہزار558، سندھ میں 8 ہزار 97، خیبر پختونخوا میں 6 ہزار322، اسلام آباد میں ایک ہزار23، بلوچستان میں 378، گلگت بلتستان میں 191 اور آزاد کشمیر میں792 مریض جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

بقیہ 32

ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کیا جاچکا ہے۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ متاثرہ عمارت میں خواتین اور بچے بھی پھنسے ہوئے ہیں۔

بقیہ 33

مسلم لیگ (ن) کی حکومت کی پالیسیوں سے اختلافات کے باعث 29 جنوری 2015ء کو عہدے سے استعفیٰ دیدیا تھا۔ چوہدری محمد سرور مسلم لیگ (ن) کے دور میں ایک سال 180 دن تک گورنر پنجاب کے عہدے پر فائز رہے۔ تحریک انصاف کی حکومت آنے پر انہیں سینیٹ کی رکنیت سے مستعفی کرا کے 5 ستمبر2018ء میں گورنر پنجاب مقرر کیا گیا تھا تاہم انہیں گزشتہ روز وفاقی حکومت کی جانب سے اچانک برطرف کردیا گیا۔ تحریک انصاف کے دور میں چوہدری سرور تین سال5ماہ28دن گورنر پنجاب کے عہدے پر موجود رہے۔ چوہدری سرور دونوں دفعہ اپنی مدت پوری نہ کرسکے۔

بقیہ 34

مہر آصف گروپوں کے درمیان کانٹے دار مقابلہ متوقع ہے۔ جس میں چاروں گروپ اپنے اپنے امیدواروں کا آج اعلان کرتے ہوئے ان کے کاغذات نامزدگی جمع کروائیں گے۔

بقیہ 35

قومی اسمبلی میں ہونے والے غیر آئینی اقدامات پر اپنے عہدے اور بنیادی رکنیت سے استعفیٰ دے رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ایک مہینے سے افراتفری کا عالم ہے، سیاسی کارکن ہونے کی حیثیت سے کسی غیر آئینی اقدام یا ایمرجنسی ،مارشل لاء کی حمایت نہیں کرسکتا۔

بقیہ 36

مطابق مہنگا فروخت کریں گے تب انتظامیہ کی جانب سے گراں فروشی کا فتویٰ جاری کرکے جرمانے عائد کئے جائیں گے ہمیشہ چھوٹے کاروباری بندے کو ہی جرمانے عائد ہوئے ہیں کیا انتظامیہ کا کام نہیں کے بولی جاکر کروائے اور بڑے گراں فروشوں کو گراں فروشی کرنے سے روکے نہ کہ چھوٹے دکانداروں کو جرمانے کئے جائیں عوامی حلقوں نے اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان مہر غلام عباس سے نوٹس لینے کی اپیل کی ہے

بقیہ 37

حقوق کے حوالے سے پاکستان کی آئین ساز اسمبلی میں ایک تاریخی تقریر کی تھی جس میں انہوں نے اقلیتوں کیلئے مکمل آزادی کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ 38

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، ڈی آئی جی حیدرآباد پیر محمد شاہ اور ڈی پی او مٹیاری ملک کلیم سے پرزور اپیل ہے کہ اغواء میں استعمال ہونے والی گاڑی نمبر 2224 اور دو بائیکس کے مالکان کو تلاش کیا جائے تا کہ مغوی کو بازیاب کرانے میں مدد مل سکے۔

بقیہ 39

والا پھاٹک چوکی بازار کے قریب پہنچی تو اس کا بھائی وسیم مسیح اس کے پیچھے آ گیا جو کہ اپنی بھابھی پر بری نگاہ رکھتا تھا اور شازیہ بی بی کو زبردستی ساتھ چلنے کو کہا تو اس نے انکار کردیا تو باز نہ آنے پر اسکی اہلیہ نے چیخ وپکار کرتے ہوئے بھاگنے کی کوشش کی تو ملزم وسیم مسیح نے فائرنگ کرکے بھابھی شازیہ بی بی کو موت کے گھاٹ اتار کر موقع سے فرار ہوگیا، تاہم پولیس نے نعش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور قاتل دیور کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ 40

کے تحت آپ گورنر کو بولیں کہ اسمبلی تحلیل کردو، اجلاس ملتوی کردو۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان میں سب کچھ خان صاحب کے مطابق اسمبلیاں بھی تحلیل ہوگئیں، پارلیمان کے اراکین بھی ختم ہوگئے، صرف ایک شخص رہ گیا وہ ہے عمران خان۔ سینئر مصدق ملک نے کہا کہ کبھی کسی آمر میں اتنی جرات پیدا نہیں ہوئی کہ وہ اپنے آپ سے خود کو حکمران قرار دے، ایک حکمران عمران خان ملک کو چلائے، یہ ملک اس طرح چلے گا۔ انہوں نے کہا کہ آپ چاہتے ہیں کہ اس ملک میں آئینی بحران پیدا ہو، آج جس طرح کی نعرے بازی کی گئی، صرف اس ملک کے آئین کو محترم رکھتے ہوئے اپوزیشن نے ایک آواز نہیں اٹھائی، اس وجہ سے آواز نہیں اٹھائی کہ ہم شرافت کو محترم سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وجہ سے آواز نہیں اٹھائی کہ ہم اس ملک کے آئین کو محترم جانتے ہیں، اس وجہ سے آواز نہیں اٹھائی کہ ہمارے گمان سے نہیں گزرا کہ ایک شخص جس کو پارلیمان نے منتخب کیا ہے وہی پارلیمان کے اندر آئین کی بے توقیری کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس197 ووٹ تھے، آپ سب نے دیکھے اور گنے، کیمرے کی آنکھ کے سامنے ایک، ایک شخص کا نام لے کر ووٹ گنا گیا اور پنجاب اسمبلی میں بھی ہمارے اس سے زیادہ ووٹ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے عوام سے پوچھتا ہوں کہ یہ ہے مدینے کی ریاست، یہ ہے وہ انصاف جس کا عمران خان بول بالا کرنا چاہتے تھے، حضرت عمر اور خلفائے راشدین کا حوالے دیتے تھے حالانکہ وہ تو اپنی آدھی چادروں کا حساب دیتے تھے لیکن آپ نے توشہ خانے کا حساب نہیں دیا۔ وزیراعظم عمران خان کو مخاطب کر کے انہوں نے کہا کہ آپ تو یہ بتانے سے قاصر ہیں کہ آپ نے ملک سے کیا کیا لوٹا، کس کس طرح اور کس کس نے لوٹا اور آئین کو آج کاغذ کا ٹکڑا سمجھا۔ انہوں نے کہا کہ پرویز مشرف کا نام لیتے ہیں، جب ریفرینڈم ہو رہا تھا تو اس وقت پرویز مشرف کا جھنڈا لے کر چلے تھے، وہ بھی یہی کہتا تھا کہ آئین کاغذ کا ٹکڑا ہے، مجھے انہوں نے کہا کہ لاؤ میں لکھتا ہوں یہ آئین ہے اور آج عمران خان یہی کیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے ایک کاغذ لیا، آئین اٹھا کر پھینکا اور لکھا کہ اسمبلی تحلیل ہوئی اور میں حکمران ہوں، ہم اس کا حساب لیں گے۔ رہنما مسلم لیگ (ن) نے کہا کہ آئین کی آج جو بے توقیری ہوئی ہے ہم اس کا حساب لیں گے، یہ بے توقیری پاکستان کے 22 کروڑ عوام کی ہوئی، جو اہل دانش، اہل خرد، قلم اور کیمرا ہاتھ میں لے کر چلتے ہیں یہ ان کی بے توقیری ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم آج ملک کی سب سے بڑی عدالت کے گھوارے میں کھڑے ہیں اور ہم یہ توقع کرتے ہیں عین آئین کے مطابق آج آئین کو بحال کردیا جائے گا، اس آمرانہ رویے اور اس آمرانہ حکومت کو آئینی طور پر ختم کیا جائے گا۔ مصدق ملک نے کہا کہ عدم اعتماد پر ووٹنگ ہونی تھی اور آج عدم اعتماد پر ووٹنگ ہوئی اور عدم اعتماد کے ووٹ کے ذریعے انہیں باہر نکالیں گے۔ مسلم لیگ (ن) کے رہنما محمد زبیر نے کہا کہ عمران خان نے آج جو کیا ہے، پاکستان کی تاریخ میں ایسا واقعہ نہیں ہوا، گورنر جنرل غلام محمد نے جب مولوی تمیزالدین خان کی اسمبلی تحلیل کی تھی وہ بھی آج قبر میں پریشان ہوں گے کہ اس قسم کا گھٹیا فیصلہ کیا گیا تھا کہ اسپیکر کے ذریعے ایک رولنگ دلوائی گئی اور اس کے دومنٹ بعد سابق وزیراعظم آ گئے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایک کھلاڑی رہ چکے ہیں اور کہتا ہے آخری گیند تک کھیلوں گا لیکن آخری بال تک کھیلنے کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ وکٹیں اکھاڑ دیں اور جب ہارنے کا وقت آئے تو پچ کو خراب کردیں۔ انہوں نے کہا کہ جب آپ ہار گئے ہیں تو آپ کو جذبہ اور احساس ہونا چاہیے، جب یہ بھاگ گئے تھے اپوزیشن کے پاس 198 کی تعداد تھی۔ محمد زبیر عمر نے کہا کہ سب سے بڑی بات یہ ہے انہوں نے پاکستان کو ایک بحران میں ڈال دیا ہے۔

بقیہ 41

میر جعفر جیسے لوگوں کا چہرہ سامنے آ جائے گا، نیشنل سکیورٹی کونسل نے احتجاج کیا پاکستان کو کسی ملک کی کالونی نہیں بننے دیں گے۔ فیاض الحسن چوہان نے کہا خط اصلی تھا ورنہ نیشنل سکیورٹی کونسل اعتراض کرتا۔ تاریخ میں لکھا جائے گا چیری بلاسم اور مقصود چپڑاسی والے کو خط دکھایا تو اس نے بھی پاکستان کا ساتھ نہ دیا۔ انہوں نے کہا ہم باوقار پاکستان کی جنگ لڑیں گے نسلیں مانیں گی کہ باپ دادا نے علامہ اقبال اور قائد کے پاکستان کی جنگ لی تھی۔ 63اے آرٹیکل بتاتا ہے کہ کوئی کسی پارٹی کا منتخب ایم پی اے ایم این اے قطعا برخلاف ووٹ نہیں دے سکتا۔ فیاض الحسن چوہان نے کہا آج پنجاب میں جوڑ توڑ پر اربوں وفاق اور چار دن میں نوٹوں کی بوریاں کھولیں جو قابل مذمت ہے۔ پی ٹی آئی، ق لیگ کے لوگوں نے آفر مسترد کیں انہیں سلام پیش کرتا ہوں۔ رکن پنجاب اسمبلی نے کہا گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور عمران خان کو دھوکا دے رہے تھے اس لئے انہیں برطرف کیا گیا، گورنر پنجاب ڈسلپن کے مطابق نہیں چلے اس لئے برطرف کئے گئے۔ اگر ہم خدانخواستہ ناکام ہوتے ہیں تو تمام صوبائی وقومی اسمبلی مستعفی ہوں گے جولائی کے آخر میں اگست کے شروع میں الیکشن ہوں گے۔

بقیہ 42

پولیس نے چھاپہ مار کر پکار 15 پر ڈکیتی کی بوگس کال کرنے پر شہری محمد جاوید کو گرفتار کرلیا۔ جس پر ملزم کے خلاف پکار15 پر بوگس کال کرنے کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 43

و بہبود کرتے ہیں ایسے انسان ملک وقوم کیلئے باعث فخر ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر این سی ایچ ڈی مہر عمر دراز جھاوری نے کہا کہ این سی ایچ ڈی بنیادی تعلیم کی فراہمی، لٹریسی ریٹ کی بہتری، سماجی ترقی کے طے شدہ ملکی اہداف کے حصول کیلئے گراس روٹ پر تمام سٹیک ہولڈرز کی معاونت سے کام کرنے والا ملک کا واحد ادارہ ہے آج فاونڈیشن کے خصوصی تعاون سے ایس او ایس چلڈرنز ولیج میں رہائش پذیر تمام بچوں اور خواتین میں سولر لیڈ لائٹس تقسیم کرنے کا مقصد معاشرے کی فلاح و بہبود اور تعمیر و ترقی میں بھرپور کردار ادا کرنا ہے۔

بقیہ 44

پیش نظر تجاویز کو زیر غور لایا گیا اور سیکیورٹی پلان پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنانے کا حکم دیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ سیکیورٹی پلان کے تحت ضلع بھر کی560 مساجد اور امام بارگاہوں پر ایک ہزار سے زائد مسلح پولیس افسران واہلکاران ڈیوٹی پر معمور ہیں۔

بقیہ 45

فہرست طویل تر ہوتی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اپنے اور اپنے لوگوں کے لیے دکھ، تکلیف کا بندوبست کر رہے ہیں، وہ جو کچھ آج کہہ رہے ہیں، انہیں اس کی بھاری قیمت ادا کرنی پڑے گی، پھر نہ کہنا بتایا نہیں۔

بقیہ 46

کے خلاف جانے کی اجازت نہیں دیتے۔ مزید تحریک انصاف کا حصہ نہیں رہ سکتا لہٰذا میرا استعفیٰ منظور کیا جائے۔

بقیہ 47

اپوزیشن سے زیادہ تھے، اب دوبارہ الیکشن ہو گا، جہانگیر ترین اور علیم خان گروپ فارغ ہوگئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر سے پرانا اور اچھا رشتہ ہے، چوہدری سرور میرے بھائی ہیں ،ان کیبارے میں کچھ نہیں کہوں گا، ہمیں کسی چیز کی ضرورت ہی نہیں تھی، سارا لڑائی جھگڑا ن لیگ نے کیا ہے۔ پرویز الٰہی نے کہا کہ الیکشن اپنے ٹائم پر کرائیں گے، ان کا کہنا تھا کہ چوہدری سرور کے مستقبل کا اللہ کو پتہ ہے، ا?پ ساڑھے تین سال گورنر شپ انجوائے کرتے رہے اور ا?پ کو کیا چاہیے۔ اس موقع پر موجود راجا بشارت نے کہا کہ پنجاب اسمبلی کی ویب سائٹ پر جاکر دیکھ لیں کہ کس کے کتنے نمبر ہیں، ایک پارٹی کا مینڈیٹ دبایا جائے گا تو ایوان میں اشتعال پھیلے گا۔

بقیہ 48

استعمال کرنا اچھی اسٹریٹجی تھی۔ انور منصور کا کہنا تھا کہ آرٹیکل 5 کی آج تک مکمل تشریح نہیں کی گئی، قومی اسمبلی تحلیل کر کے الیکشن کال ہوں گے تو کیئر ٹیکر حکومت ضروری ہے، لیڈر آف اپوزیشن اور لیڈر آف دی ہاؤس کیئر ٹیکر حکومت بناتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیس مضبوط نہیں ہے مگر یہ معاملہ عدالت میں سنا ضرور جاسکتا ہے۔ خیال رہے کہ آج پارلیمنٹ کے اہم ترین اجلاس میں ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری نے وزیر اعظم عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد مسترد کرتے ہوئے اسے آئین کے منافی قرار دیا ہے۔

بقیہ 49

خان کی قیادت میں تحریک انصاف ہی ملک کی ناؤ کو پار لگائے گی۔ اتوار کے روز اپنے بیان میں ہمایوں اختر خان نے کہا کہ اپوزیشن نے سیاست کو جس طرح آلودہ کیا اس کی پوری قوم نے یک زبان ہوکر نہ صرف مذمت کی ہے بلکہ اس کے خلاف احتجاج بھی ریکارڈ کرایا ، اپوزیشن اقتدار سے دوری کی وجہ سے بے چین ہے اس لئے سیاست میں اصولوں اور اخلاقیات کے ساتھ کھلواڑ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن نے پوری دنیا میں پاکستان کو تماشہ بنایا لیکن انہیں آئندہ عام انتخابات میں اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔ اپوزیشن کے پاس عوام کو دکھانے اور بتانے کے لئے کچھ نہیں تھا اس لئے ایک سازش کے تحت ملک میں سیاسی عدم استحکام پیدا کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ماہ تک عالمی اداروں کی یہی رپورٹس تھیں کہ پاکستان کے معاشی اعشاریے درست سمت میں گامزن ہیں لیکن اپوزیشن نے صرف میں نہ مانوں کی رٹ لگا رکھی ہے ۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے اپنا مقدمہ عوام کی عدالت میں پیش کیا اور سرخرو ہوئے، خیبر پختونخوا کے بلدیاتی انتخابات کے دوسرے مرحلے کے نتائج نے ثابت کردیا ہے انہیں وزیراعظم عمران خان کی پالیسیوں پر مکمل اعتماد ہے۔

بقیہ 50

سمجھ نہیں آرہی کے یہ ہوا کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نیشنل سیکیورٹی کونسل نے واضح طور پر کہا تھا کہ اس خط میں بیرونی سازش ہے، جو پیغام ہمارے سفیر کو دیا گیا وہ نیشنل سکیورٹی کونسل کی میٹنگ میں زیر بحث آیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ نیشنل سیکیورٹی کونسل میں ہمارے سارے سیکیورٹی چیف سمیت سب بیٹھے ہوئے تھے، وہاں ان کے سامنے امریکا میں پاکستان کے سفیر اور امریکا کی جانب سے ان کے نمائندے کے آفیشل میٹنگ کی تفصیلات شیئر کی گئیں، اس گفتگو میں اس بات کی تصدیق کی گئی کہ یہ پلان باہر سے بنا تھا جس کے تحت پاکستان کی اندرونی سیاست میں مداخلت کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں جو لوگ چھوڑ کر گئے اور لوٹا ہوئے ان سے سفارتخانے کے لوگ ملتے تھے، ان کا کیا کام تھا؟ اس سب کا تعلق تحریک عدم اعتماد سے تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ جب ملک کی اعلیٰ سطح کی سیکیورٹی باڈی یہ تصدیق کردیتی ہے تو پھر اس کے بعد نمبر گیم اور تحریک عدم اعتماد پر کاروائی بے معنی تھی۔ انہوں نے کہا کہ میں آپ کو یہ باتیں رات بتا نہیں سکتا تھا کیونکہ اگر میں گزشتہ روز سب کو بتا دیتا تو وہ صدمے میں نہ ہوتے۔ خیال رہے کہ وزیراعظم عمران خان کے خلاف اپوزیشن نے 8 مارچ کو تحریک عدم اعتماد جمع کرائی تھی جس پر اتوار کو ووٹنگ متوقع تھی تاہم اجلاس شروع ہوتے ہیں وقفہ سوالات میں بات کرتے ہوئے وزیر قانون فواد چوہدری کی جانب سے قرارداد پر سنگین اعتراضات اٹھائے گئے۔ جس کے بعد ڈپٹی اسپیکر نے عدم اعتماد کی تحریک کو آئین وقانون کے منافی قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا اور اجلاس غیر معینہ مدت تک کے لیے ملتوی کردیا۔

بقیہ 51

کو درست کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ عام فہم انداز میں، جدید اور آسان اسباق کے ذریعے قرآن مجید کو تجوید کے ساتھ سکھانے کی پوری کوشش کرینگے۔

بقیہ 52

کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد میں شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات فراہم کرنے اور حادثات سے محفوظ رکھنے کیلئے ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی پر عملدرآمد کیلئے اسلام آباد ٹریفک پولیس شب وروز اقدامات کررہی ہے، تاکہ اسلام آباد میں مربوط ٹریفک نظام کو قائم رکھا جاسکے، اس ضمن میں ٹریفک پولیس نے رواں سال میں 13,980 اوورلوڈنگ والی گاڑیوں کے خلاف قانونی کاروائی کرتے ہوئے چالان ٹکٹ جاری کئے گئے ہیں، اسلام آباد ٹریفک پولیس کے اسپیشل انفورسمنٹ اسکواڈ بھی ٹریفک قوانین کی عملداری کے لیے تعینات کیے گئے ہیں جو خصوصا اسلام آباد ایکسپریس وے، آئی جے پی روڈ، سری نگر ہائی وے (کشمیر ہائی وے) اور شہر کی دیگر بڑی مختلف شاہراہوں اور مقامات پر شہریوں کے لیے محفوظ سفر کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن مدد فراہم کررہے ہیں تا کہ اسلام آباد کو حادثات سے مکمل محفوظ رکھا جا سکے، اس موقع پر ایس ایس پی ٹریفک نے زونل ڈی ایس پیز کو خصوصی ہدایات جاری کیں ہیں کہ ایکسپریس ہائی وے، سری نگر ہائی وے (کشمیر ہائی وے) اور آئی جے پی روڈ پر تعینات اضافی نفری ٹریفک کے بہاؤ کو مزید موثر بنائیں، اس سلسلے میں شہری اپنی شکایات کے ازالے کیلئے اسلام آباد ٹریفک پولیس کی ہیلپ لائن 915 0519261992-9 پر بھی رابطہ کیا جاسکتے ہیں۔

بقیہ 53

اور غیر قانونی ہے، اس کے خلاف سپریم کورٹ میں درخواست دائر کرنیجا رہے ہیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ عدالت سے وزیر اعلیٰ پنجاب کا انتخاب شیڈول کے مطابق آج کروانے کی استدعا کریں گے۔ رہنما مسلم لیگ ن کا کہنا تھا کہ چوہدری پرویز الٰہی نے شکست دیکھ کر اجلاس ملتوی کروایا۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ ایوان میں ہمارے ارکان کی تعداد اب بھی 203 ہے۔ واضح رہے کہ پنجاب اسمبلی کا وزیراعلیٰ کے انتخاب کے لیے تاخیر سے شروع ہونے والا اجلاس 6اپریل تک ملتوی کردیا گیا ہے۔ پنجاب اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر دوست محمد مزاری کی زیر صدارت صرف 6 منٹ چل سکا جس کے بعد اجلاس ملتوی کردیا گیا۔ ڈپٹی اسپیکر نے اجلاس ملتوی کرنے کی وجہ وہاں ہونے والی بدترین ہنگامہ آرائی کو قرار دیا۔ حمزہ شہباز اور چوہدری پرویز الٰہی وزارت اعلیٰ کے لیے امیدوار ہیں۔

بقیہ 54

سے ملزمان کو جوڈیشل کروانے پر وکلا نے اپنے منشیوں کے ہمراہ پولیس سب انسپکٹر محمد عمر پر دھاوا بول دیا جس نے وکلا کے ڈنڈے سوٹوں سے مسلح ہوکر زدوکوب کرنے سرکاری وردی اور دستاویزات پھاڑ دینے اور پرس، گھڑی چھین لینے کے الزامات عائد کئے تو تھانہ سلانوالی پولیس نے شاہین آباد چوکی کے سب انسپکٹر محمد عمر کی مدعیت میں وکلا جاوید اقبال، فیصل احمد، عمران اسلم، اعجاز احمد، توقیر اشرف، ظہور احمد، محمد اسلم، علی رضا، سلیم اللہ، منشیوں محمد طارق، سجاد حسین اور فیضان سمیت 20افراد کے خلاف زیر دفعہ 353/382/186/147/149ت پ مقدمہ درج کرلیا جس کی ڈی ایس پی اور ایس ایچ او کی سربراہی میں انویسٹیگیشن ٹیم ملزمان کی گرفتاری میں چھاپے مارتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 55

خیبر پختونخوا کی جانب سے جاری کردہ ایک اعلامیے میں کیا گیا۔

کراچی میں 3 منزلہ رہائشی عمارت گر گئی

کراچی کے علاقے پی آئی بی سبزی منڈی کے قریب تین منزلہ عمارت نے اپنی بنیادیں چھوڑ دیں

رہائشی عمارت کا ابھی ایک حصہ منہدم ہوا ہے، تاہم برابر کی بلڈنگ کو بھی اس سے نقصان پہنچا ہے، اور کسی بھی وقت بڑا سانحہ رونما ہو سکتا ہے

کراچی (سی ایم لنکس) پی آئی بی کالونی میں 3 منزلہ رہائشی عمارت گر گئی، عمارت پاس کی دوسری بلڈنگ کے سہارے ٹھہر گئی ہے جس سے دوسری عمارت کے گرنے کا شدید خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے پی آئی بی سبزی منڈی کے قریب تین منزلہ عمارت نے اپنی بنیادیں چھوڑ دیں، اور جھک کر پڑوسی عمارت کے سہارے ٹھہر گئی ہے۔ رہائشی عمارت کا ابھی ایک حصہ منہدم ہوا ہے، تاہم برابر کی بلڈنگ کو بھی اس سے نقصان پہنچا ہے، اور کسی بھی وقت بڑا سانحہ رونما ہو سکتا ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق پی آئی بی گوشت گلی کے قریب بنیادیں چھوڑنے والی رہائشی عمارت میں امدادی رضا کار امدادی کارروائیوں میں مصروف ہیں، جب کہ متعدد زخمیوں کو ایدھی (بقیہ نمبر 32)

چوہدری سرور دوسری بار بھی گورنر شپ کی مدت پوری نہ کر سکے

پہلی مرتبہ ایک سال 180 دن، دوسری مرتبہ تین سال 5 ماہ 28 دن گورنر رہے

لاہور (این این آئی) چوہدری محمد سرور دوسری بار بھی اپنی گورنر شپ کی مدت پوری نہ کر سکے، مسلم لیگ (ن) کے دور میں انہوں نے خود استعفیٰ دیا جبکہ تحریک انصاف کی حکومت نے انہیں برطرف کیا۔ چوہدری محمد سرور نے مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت میں 2 اگست 2013 کو گورنر پنجاب کے عہدے کا حلف اٹھایا تھا تاہم انہوں نے (بقیہ نمبر 33)



لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سیکرٹری متروکہ وقف املاک بورڈ کرنل (ر) صاحبزادہ حامد مسعود گوندل کی دختر ڈاکٹر مائزہ فاطمہ گوندل کی شادی ہمراہ فلائٹ لیفٹیننٹ محمد ابراہیم سرور کے ساتھ سر انجام پائی تقریب میں مختلف سول و فوجی اور وفاقی و صوبائی اداروں کے اعلیٰ افسران سمیت ٹرسٹ بورڈ کے افسران کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور دلہن کو اپنی نیک دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا۔

پی ٹی آئی نے سیاسی غلطیاں کیں گورنر کو ہٹانا بھی غلطی ہے، جلیل شرقپوری

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے منحرف رکن جلیل شرقپوری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے سیاسی غلطیاں کیں گورنر کو ہٹانا بھی غلطی ہے، چوہدری محمد سرور کو ہٹانے کا دکھ ہوا ہے، ہم چوہدری محمد سرور کے ساتھ کھڑے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے منحرف رکن جلیل شرقپوری نے کہا کہ چوہدری محمد سرور کے ساتھ ہماری بھی بڑی محبت ہے۔ ہمارے لئے گورنر پنجاب کو ہٹانے کا فیصلہ تکلیف دہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مخلص ورکرز کے بارے میں فیصلہ افسوسناک ہے۔ گورنر پنجاب کو ہٹانے کے فیصلے کی تائید نہیں کر سکتے۔ پی ٹی آئی نے سیاسی غلطیاں کیں گورنر کو ہٹانا بھی غلطی ہے، ہم چوہدری محمد سرور کے ساتھ کھڑے ہیں۔

سرگودھا، پریس کلب کے سالانہ انتخابات، پولنگ 10 اپریل کو ہوگی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا پریس کلب کے سالانہ انتخابات کیلئے شیڈول اور ووٹر لسٹ آویزاں ہوتے ہی چار گروپ میدان میں گے جو آج اپنے اپنے امیدواروں کے کاغذات نامزدگی داخل کریں گے اور پولنگ 10 اپریل کو ہو گی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا پریس کلب کے سالانہ انتخابات برائے 2022,2023 کے لئے پولنگ دس جنوری کو بلڈنگ پریس کلب میں ہو گی جس کے لئے ریٹرننگ آفیسر نے شیڈول اور ووٹر لسٹ آویزاں کر کے اعتراضات مرحلہ کے بعد حتمی فہرست ووٹران آویزاں کر دی جس کے مطابق ووٹران اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے جبکہ الیکشن کے لئے فانڈر، یوجے، جرنلسٹ اور (بقیہ نمبر 34)

Rotary
unicef
nni

راولپنڈی، آرٹس کونسل میں منعقدہ تقریب میں سابق سینیٹر وائس پریذیڈنٹ نوشیروان خلیل ڈائریکٹر ہیلتھ سروس خالد محمود سے سرٹیفکیٹ لے رہے ہیں

پی ٹی آئی رہنما رزاق باجوہ بنیادی رکنیت سے مستعفی

ایک مہینے سے افراتفری کا عالم ہے، سیاسی کارکن ہونے کی حیثیت سے کسی غیر آئینی اقدام یا ایمرجنسی، مارشل لاء کی حمایت نہیں کر سکتا، رزاق باجوہ

ملک خانہ جنگی کی طرف جا رہا ہے، آج قومی اسمبلی میں ہونے والے غیر آئینی اقدامات پر اپنے عہدے اور بنیادی رکنیت سے استعفیٰ دے رہا ہوں

کراچی (این این آئی) تحریک انصاف سندھ کے سابق ایڈیشنل انفارمیشن سیکرٹری رزاق باجوہ نے تحریک انصاف کی بنیادی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا۔ انہوں نے تحریک انصاف کے غیر آئینی اقدام پر مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں سیاسی کارکن ہوں کسی غیر آئینی اقدام کے ساتھ کھڑا نہیں ہو سکتا، ملک کو افراتفری کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، ملک خانہ جنگی کی طرف جا رہا ہے، آج (بقیہ نمبر 35)

فروٹ غریب کی دسترس سے باہر آڑھتیوں کی اپنی من مانیاں

پہلا رمضان فروٹ منڈی کے ریٹ آسمان پر انتظامیہ غائب اسسٹنٹ کمشنر نوٹس لیں

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق آج فروٹ منڈی گوجر خان میں آڑھتیوں کی من مانیاں عروج پر تھیں جسکی وجہ سے چھوٹے دکاندار پریشان فروٹ غریب کی دسترس سے باہر صبح سویرے منڈی میں بولی کے وقت انتظامیہ نہ ہونے کی وجہ سے آڑھتیوں نے من چاہے ریٹس پر فروٹ کی فروخت کی عام دنوں میں 2800 کی بکنے والی کالا کلو سیب کی 16 کلو والی پیٹی آج 3500 میں فروخت خربوزے کی عام دنوں میں 11/1200 میں بکنے والا کریٹ 2000 کیلئے کالنگر جو عام دنوں میں 2000/2200 کا تھا آج 3500 سو تک فروخت ہوا امرود عام دنوں میں 300 میں بکنے والا کاٹن 700 سٹابری اسپیشل عام دنوں میں 120 کی کلو بکنے والی آج 250 کی کلو مالٹا 72 دانوں والا کریٹ جو عام دنوں میں 1000 کا تھا آج 1450/1550 کا تھا سب سے چھوٹے دانے والا مالٹے کا 100 دانوں والا کریٹ 1100 کا فروخت ہوا اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ چھوٹے دکاندار جب آڑھتیوں سے مہنگے داموں خریداری کریں گے تو انہوں نے بھی اسی (بقیہ نمبر 36)

پاکستان میں بسنے والے تمام طبقات کو آئین کی رو سے برابر کے حقوق اور مذہبی آزادی حاصل ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر

سرگودھا (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو امیر حسن نے کہا ہے کہ پاکستان میں بسنے والے تمام طبقات کو آئین کی رو سے برابر کے حقوق اور مذہبی آزادی حاصل ہے۔ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتوں کا کردار اہم اور کسی محب وطن سے کم نہیں رہا۔ پاکستان کے میدان سیاست سمیت زندگی کے ہر شعبے میں مسیحی برادری اپنے حصے کی خدمات بہترین انداز میں انجام دے رہی ہے۔ انہوں نے مسیحی برادری میں کرسمس گرانٹ پنجاب حکومت کی جانب سے سو مسیحی بیوگان معذوران او ریتیم بچوں میں مجموعی طور پر دس لاکھ روپے کے کرسمس گرانٹ کے چیک تقسیم کئے جو فی فرد 10 ہزار روپے کے چیک تھے۔ اس موقع پر اے ڈی سی آر نے کہا کہ ہر سال 11 اگست کو پاکستان میں اقلیتوں کا قومی دن منایا جائیگا کیونکہ اس دن قائد اعظم نے اقلیتوں کے (بقیہ نمبر 37)

حیدر آباد، بھٹ شاہ ضلع ٹیاری میں اغواء کی لرزہ خیز واردات

سہیل ولد اعجاز احمد جھٹیال کو 8 مسلح افراد نے بھرے بازار میں اہل خانہ کے سامنے اغواء کر لیا۔

حیدر آباد: (نیوز رپورٹر) بھٹ شاہ کے علاقے میں اغواء کی لرزہ خیز واردات ابھی تک پولیس مغوی کو بازیاب نہ کروا سکی۔ تفصیلات کے مطابق سہیل ولد اعجاز جھٹیال 27 مارچ کو اپنے اہل خانہ کے ہمراہ بھٹ شاہ بازار میں خریداری کیلئے گیا جہاں پر 8 مسلح افراد نے سہیل ولد اعجاز کو گن پوائنٹ پر اہل خانہ اور لوگوں کے سامنے اغواء کیا اور تشدد کرتے ہوئے ساتھ لے گئے جس کی ایف آئی آر پولیس اسٹیشن بھٹ شاہ ضلع ٹیاری میں درج کروا دی گئی جس پر تا حال کوئی پیش رفت نظر نہیں آئی۔ اس اغواء کے تانے بانے پہلے سے ہی قتل ہونے والے سہیل کے بھائی سے ملتے ہیں جس کی 15 نومبر 2021 کو کورٹ میرج ہوئی تھی جس کے قاتل بھی ابھی تک گرفتار نہیں ہو سکے۔ اہل خانہ کی پیپلز پارٹی کے (بقیہ نمبر 38)

ریلوے پھاٹک کے قریب فائرنگ، دیور نے بھابی کو قتل کر دیا

فیصل آباد (این این آئی) تھانہ منصور آباد کے علاقہ جھمرہ روڈ پر ریلوے پھاٹک سنت سنگھ والا کے قریب فائرنگ کر کے خاتون کو قتل کرنے والا اس کا دیور نکلا، پولیس نے مقتولہ کے شوہر کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی۔ تفصیل کے مطابق رسول نگر گلی نمبر 2 کے رہائشی سلیم مسیح ولد برکت مسیح نے پولیس کو دی جانیوالی رپورٹ میں بتایا کہ اسکی اہلیہ شازیہ بی بی گھر سے کام کے سلسلہ میں جا رہی تھی کہ جب وہ جھمرہ روڈ پر سنت سنگھ (بقیہ نمبر 39)

قصور، اسسٹنٹ کمشنر پتوکی عمر سرور سستے رمضان بازار کا دورہ کر رہے ہیں

تحریک انصاف اب سیاست کے قابل نہیں رہی، نعمان لنگڑیال

لاہور (این این آئی) جہانگیر ترین گروپ کے رکن ملک نعمان لنگڑیال نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی اور کیا بدبختی ہوگی کہ اس میں پانچ، پانچ گروپ بن گئے ہیں، یہ جماعت اب اس قابل نہیں کہ سیاست کر سکے اس پارٹی کو تو اب ویسے ہی ختم ہو جانا چاہیے۔ پنجاب اسمبلی آمد کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اپنے وعدے کے مطابق ترین گروپ اکے اراکین وزیر اعلیٰ کیلئے حمزہ شہباز کو ووٹ دیں گے، تحریک انصاف کی اس سے ابتر صورتحال کیا ہوگی کہ عثمان بزدار جیسے شخص کو وزیر اعلیٰ بنا دیا جائے۔

قومی اسمبلی تحلیل کرنے کا حکومتی فیصلہ غیر آئینی اور غیر قانونی قرار

عمران خان نے آئین اٹھا کر پھینک دیا، اس کا حساب لیں گے، مصدق ملک

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے رہنماؤں نے قومی اسمبلی تحلیل کرنے کے حکومتی فیصلے کو غیر آئینی اور غیر قانونی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہم اس کا حساب لیں گے۔ وزیراعظم عمران خان کی جانب سے قومی اسمبلی تحلیل کرنے اور اسپیکر کی رولنگ کے بعد پیدا ہونے والی صورت حال پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر مصدق ملک نے سپریم کورٹ کے باہر دیگر رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ خان صاحب کس آئین کے تحت ملک چلانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ پنجاب میں عدم اعتماد کی تحریک ہارنے لگے ہیں تو آئین کی وہ کون سی شق ہے جس (بقیہ نمبر 40)

صدر مملکت کی جانب سے قومی اسمبلی توڑنے کے بعد عمران خان کی مسکراتے ہوئے تصویر

پنجاب چوہدری سرور عمران خان کو دھوکا دے رہے تھے

قوم کو ہیجان سے چھٹکارا مل جائے گا جو ڈالر کا کھیل کھیلا گیا، فیاض الحسن چوہان

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے رکن اسمبلی فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور عمران خان کو دھوکا دے رہے تھے اس لئے انہیں عہدے سے برطرف کیا گیا۔ فیاض الحسن چوہان نے پنجاب اسمبلی کے باہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا قوم کو ہیجان سے چھٹکارا مل جائے گا جو ڈالر کا کھیل کھیلا گیا، میر صادق اور (بقیہ نمبر 41)

15 پر جھوٹی اطلاع، شہری نے سرگودھا پولیس کی دوڑیں لگوا دیں

پکار 15 پر بوگس کال کرنے کی دفعات کے تحت مقدمہ درج، پولیس مصروف تفتیش

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں پکار 15 پر واردات کی جھوٹی اطلاع دے کر پولیس کی دوڑیں لگوانے والے شہری کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا۔ سرگودھا فیصل آباد روڈ کے علاقہ میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی کے دوران پکار 15 پر ڈکیتی کی کال پر پولیس کی دوڑیں لگ گئیں تو اطلاع جھوٹی پائی گئی جس پر تھانہ عطاء شہید (بقیہ نمبر 42)

راولپنڈی، راجہ بازار میں تاجروں کی طرف سے دی گئی افطار پارٹی میں لوگوں کی بڑی تعداد شریک ہے

عامر لیاقت نے پی ٹی آئی چھوڑنے کا اعلان کر دیا

ثابت ہو گیا کہ اپوزیشن جو کچھ کر رہی تھی درست کر رہی تھی، عامر لیاقت حسین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی عامر لیاقت نے پارٹی چھوڑنے کا اعلان کر دیا۔ ٹوئٹر پر جاری بیان میں عامر لیاقت حسین نے کہا کہ ڈراما ختم ہونے کے بعد کہنا چاہتا ہوں کہ وزیراعظم نے جو کچھ کیا، ثابت ہو گیا کہ اپوزیشن جو کچھ کر رہی تھی درست کر رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ میں تحریک انصاف چھوڑنے کا اعلان کرتا ہوں، آئین سے کس نے انحراف کیا اور منحرف کون ہے؟ فیصلہ عدالت کرے گی۔

سولر لیڈ لائٹس سے ایس او ایس چلڈرنز ویلج میں مثبت تبدیلی آئے گی

ایس او ایس چلڈرنز ویلج سرگودھا میں سولر لیڈ لائٹس تقسیم کی تقریب کا اہتمام کیا گیا

سرگودھا (این این آئی) ایس او ایس چلڈرنز ویلج سرگودھا میں سولر لیڈ لائٹس تقسیم کی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس کے مہمان خصوصی چیئرمین کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سٹڈیز یونیورسٹی آف سرگودھا نعمان یاسر قریشی تھے کہا کہ لودھی فاؤنڈیشن نے این سی ایچ ڈی سرگودھا کی وساطت سے ایس او ایس چلڈرنز ویلج کے یتیم اور بے سہارا بچوں کو روشنی کا جو قیمتی تحفہ دیا جس کی بدولت سولر لیڈ لائٹس بچوں کو تعلیم کی بہتری اور خوشحال زندگی گزارنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ معاشرہ کی تعمیر و ترقی اور ملک سے غربت کے خاتمے اور پسے ہوئے طبقے کو بہتر زندگی گزارنے کیلئے سہولیات کی فراہمی ایک نیک عمل ہے۔ ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر چوہدری روف احمد گوندل نے کہا کہ این سی ایچ ڈی اور لودھی فاؤنڈیشن نے ایس او ایس چلڈرنز میں سولر لیڈ لائٹس تقسیم کر کے محروم طبقہ خاص معاشرے کی بہتری کیلئے ایک انتہائی مثبت قدم اٹھایا ہے جسکی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے جو لوگ اللہ کی رضا کے لیے ملک و قوم کی فلاح (بقیہ نمبر 43)

امیر جماعت اسلامی سراج الحق مرکزی نائب امیر اسداللہ بھٹہ کی اہلیہ کی نماز جنازہ پڑھا رہے ہیں

سکیورٹی پلان پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنانے کا حکم

سرگودھا میں مساجد اور امام بارگاہوں پر ایک ہزار سے زائد مسلح پولیس اہلکار تعینات

سرگودھا (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سرگودھا نے پولیس فورس کو الرٹ کرتے ہوئے رمضان المبارک کے ایام میں سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنانے کا حکم دیدیا۔ ڈی پی او ڈاکٹر رضوان احمد خان نے رمضان المبارک کے دوران سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کے دوران جہاں تمام مساجد میں نمازیوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا ہے وہاں بازاروں میں خریداروں کا رش بڑھ جاتا ہے۔ انہوں نے پولیس فورس کو الرٹ کرتے ہوئے حکومتی احکامات اور محکمہ پروفیشنل پولیسنگ کی ہدایت پر عمل درآمد کے ساتھ سیکورٹی انتظامات کو فول پروف بنانے میں بھرپور توجہ دی جائے۔ انہوں نے ضلع بھر میں رمضان المبارک کے سیکورٹی پلان کا جائزہ لیتے ہوئے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوکے اجلاس میں صورت حال کے (بقیہ نمبر 44)

احتجاج
احتجاج
محکمہ کسٹم سکھر کے نااہل رشوت خور
اور کرپٹ افسران کو
پاکستان بچاؤ

سکھر، سماجی تنظیموں کا محکمہ کسٹم اور کسٹم انٹیلی جنس میں ہونیوالی کرپشن کیخلاف احتجاج کیا جا رہا ہے

تشدد کا سہارا لینے والے پی ٹی آئی ارکان کو گرفتار کیا جائے، مریم نواز

عمران خان پر کارکنوں کو اکسانے، اشتعال انگیزی کا مقدمہ درج ہونا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز نے مطالبہ کیا ہے کہ عمران خان سمیت تشدد کا سہارا لینے والے پی ٹی آئی ارکان کو گرفتار کیا جائے۔ مریم نواز نے ٹوئٹر پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ امن و امان کی صورتِ حال خراب کرنے والوں کو سلاخوں کے پیچھے ڈالا جائے، عمران خان پر کارکنوں کو اکسانے، اشتعال انگیزی اور بغاوت کا مقدمہ درج ہونا چاہیے۔ مریم نواز نے کہا کہ ان میں سے کسی کو نہیں بخشا جائیگا، عمران خان جو کچھ آج کر رہے ہیں، وہ ان کے خلاف چارج شیٹ ہے اور اس کی (بقیہ نمبر 45)

پی پی 257 سے رکن اسمبلی چوہدری مسعود احمد نے استعفیٰ دیدیا

حکومت کی وجہ سے حلقے میں مشکلات کا سامنا ہے، استعفے کا متن

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے حلقہ پی پی 257 رحیم یار خان سے رکن اسمبلی چوہدری مسعود احمد نے مستعفی ہونے کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے اپنا استعفیٰ قائمقام اسپیکر سردار دوست محمد مزاری کو بھجوا دیا ہے۔ چوہدری مسعود نے اپنے استعفے کے متن میں کہا ہے کہ حکومت کی وجہ سے حلقے میں مشکلات کا سامنا ہے، حالات اصولوں (بقیہ نمبر 46)

علیم خان سوسائٹیاں بنانے کا کام کرتے ہیں وہ کریں، پرویز الٰہی

جہانگیر ترین صاحب لندن میں آرام کریں، ہماری تیاری پوری تھی ہمارے نمبرز اپوزیشن سے زیادہ تھے

گورنر سے پرانا اور اچھا رشتہ ہے، چوہدری سرور میرے بھائی ہیں، ان کے بارے میں کچھ نہیں کہوں گا، رہنما ق لیگ

لاہور (سی ایم لنکس) مسلم لیگ ق کے رہنما اور پنجاب کی وزارت اعلیٰ کے امیدوار چوہدری پرویز الٰہی کا کہنا ہے کہ علیم خان صاحب سوسائٹیاں بنانے کا کام کرتے ہیں وہ کریں۔ چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ ہم نے تو اپنے ارکان واپس لئے ہیں۔ ق لیگ کے رہنما کا کہنا تھا کہ جہانگیر ترین صاحب لندن میں آرام کریں۔ پرویز الٰہی نے کہا کہ ہماری تیاری پوری تھی ، ہمارے نمبرز (بقیہ نمبر 47)

متحدہ اپوزیشن کے سردار ایاز صادق نے اسپیکر کی کرسی سنبھال لی

ایوان میں 197 ارکان کی حمایت کے ساتھ تحریک عدم اعتماد منظور

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی اجلاس ختم ہونے پر متحدہ اپوزیشن کے ایاز صادق کو اسپیکر کی کرسی سنبھالی اور علامتی اجلاس کی صدارت کی، ایوان میں 197 ارکان کی حمایت کے ساتھ تحریک عدم اعتماد منظور کر لی۔ قومی اسمبلی کا اجلاس اتوار کی صبح ساڑھے 11 بجے طلب کیا گیا تھا جو تاخیر کے ساتھ ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری کی سربراہی میں تقریباً 12 بجکر 5 منٹ پر شروع ہوا۔ اجلاس کے آغاز پر وزیر قانون فواد چوہدری نے قرارداد کو غیر ملک کی جانب سے پاکستان میں حکومت کو تبدیل کرنے کی کوشش قرار دیا۔ فواد چوہدری نے قومی اسمبلی سے اپنے خطاب میں کہا کہ تحریک عدم اعتماد آئین کے آرٹیکل 95 کے تحت پیش کی جاتی ہے لیکن آئین کا ایک اور آرٹیکل 5 ایک ہے جس کے مطابق ملک سے وفاداری ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔

رکن اسمبلی عبدالعلیم خان پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے لئے آرہے ہیں

آرٹیکل 5 کی آج تک مکمل تشریح نہیں کی گئی: سابق اٹارنی جنرل

اسلام آباد (اے ایف بی): سابق اٹارنی جنرل انور منصور کا کہنا ہے کہ آرٹیکل 5 کا استعمال کرنا اچھی اسٹریٹیجی تھی، آرٹیکل 5 کی آج تک مکمل تشریح نہیں کی گئی، کیس مضبوط نہیں ہے مگر یہ معاملہ عدالت میں سنا ضرور جا سکتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سابق اٹارنی جنرل انور منصور کا کہنا ہے کہ وفاقی وزیر فواد چوہدری نے اسمبلی میں بتایا کہ آرٹیکل 5 کی خلاف ورزی کی گئی، آرٹیکل 5 کا (بقیہ نمبر 48)

تحریک انصاف ہی ملک کی ناؤ کو پار لگائے گی، ہمایوں اختر خان

لاہور (اے ایف بی): پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کی جدوجہد سے قوم کو شعور ملا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اب وہ ڈٹ کر حق اور سچ کے ساتھ کھڑے ہیں، قوم نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ اپنی خودمختاری پر کوئی آنچ آنے دیں گے اور نہ ہی کسی بیرونی قوت کو ملک کی قسمت کا فیصلہ کرنے کا اختیار دیں گے، سیاسی مخالفین نوشتہ دیوار پڑھ لیں وزیر اعظم عمران (بقیہ نمبر 49)

اپوزیشن کو ابھی تک سمجھ نہیں آئی کہ ہوا کیا ہے، وزیراعظم

جب ملک کی اعلیٰ سطح کی سیکورٹی باڈی بیرونی سازش کی تصدیق کردیتی ہے تو پھر اس کے بعد نمبر گیم اور تحریک عدم اعتماد پر کاروائی بے معنی تھی، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ جب ملک کی اعلیٰ سطح کی سیکورٹی باڈی بیرونی سازش کی تصدیق کر دیتی ہے تو پھر اس کے بعد نمبر گیم اور تحریک عدم اعتماد پر کاروائی بے معنی تھی۔ وزیراعظم عمران خان نے پارٹی رہنماؤں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز جب میں شام کو آیا تھا تو مجھے آپ کو کہنا پڑا تھا کہ گھبرانا نہیں ہے، اب میں آپ کو تفصیل سے سمجھانا چاہتا ہوں کہ ہوا کیا ہے کیونکہ اپوزیشن کو تو ابھی تک (بقیہ نمبر 50)

جدید ترین سہولت کا حامل نیکون زیڈ نائن لانچ کیا جا رہا ہے

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد حمزہ شفقات کا اسلام آباد کے مختلف ناکوں کا دورہ

اسلام آباد۔ (اے ایف بی) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد حمزہ شفقات نے اسلام آباد کے مختلف ناکوں کا دورہ کیا جہاں پر تمام ناکوں پر ڈیوٹی سٹاف کو چیک کیا گیا۔ تمام مجسٹریٹ ناکوں پر موجود ہیں، ریڈ زون اور اس کے ایک کلومیٹر تک کسی کو بھی داخلے کی اجازت نہیں ہے۔

پنجاب اور کے پی اسمبلیاں بھی پیر کو توڑ دینی چاہئیں، شیخ رشید

آصف زرداری نے 3 دن سے پھڈا ڈالا ہوا تھا ورنہ 4 دن پہلے اسمبلی ٹوٹ جاتی

اسلام آباد (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ پنجاب اور خیبر پختون خوا کی اسمبلیاں بھی پیر کو توڑ دینی چاہئیں۔ ایک انٹرویو میں شیخ رشید نے کہا کہ میں تو ایمرجنسی کی خواہش رکھتا تھا میری بات نہیں مانی گئی، یہ زبردست کام ہوا ہے، عمران خان کو اتنے ووٹ ملیں گے کہ لوٹے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس کے علاوہ کوئی حل نہیں تھا ہمارے محلوں میں لڑائی شروع ہو گئی تھی، لوگ عمران خان کے ساتھ ایک دم نکل آئے تھے، پنجاب اور کے پی اسمبلیاں بھی پیر کو توڑ دینی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ آصف زرداری نے 3 دن سے پھڈا ڈالا ہوا تھا، ورنہ 4 دن پہلے اسمبلی ٹوٹ جاتی، صرف آصف زرداری نے اسٹینڈ لیا ہوا تھا باقی دو جماعتیں ری الیکشن کیلئے تیار تھیں، آصف زرداری نئے الیکشن میں رکاوٹ تھے۔ انہوں نے کہا کہ 4 دن پہلے سے طے تھا ملک الیکشن کی طرف جا سکتا ہے۔

اوپن یونیورسٹی میں تجوید القرآن کلاسز کا آغاز

اسلام آباد (اے ایف بی) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے رمضان المبارک میں تلاوت قرآن کی فضیلت کو مد نظر رکھتے ہوئے ماہ رمضان المبارک میں تجوید القرآن کی کلاسز کا انعقاد کیا ہے، شعبہ قرآن و تفسیر کلیہ عربی و علوم اسلامیہ کی زیر نگرانی کلاسز (کل) پیر سے شروع ہونگی جو 20 رمضان تک جاری رہیں گی۔ یونیورسٹی کے خواہشمند ملازمین کو رجسٹرڈ کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات بتاتے ہوئے شعبہ قرآن و تفسیر کے چیئرمین، ڈاکٹر ثناء اللہ حسین نے بتایا کہ ہم نے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ضیاء القیوم کے زیر سرپرستی قرآن و سنت کی تعلیمات کے فروغ کے لئے تقریبات کا سلسلہ جاری رکھا ہے اور رمضان کے بابرکت ماہ میں تجوید القرآن کا انعقاد اس سلسلے کی کڑی ہے۔ ڈاکٹر ثنا اللہ کے مطابق تجوید القرآن کلاسز میں قرآن مجید کی ادائیگی اور لہجے کی درستگی اور مخارج (بقیہ نمبر 51)

راولپنڈی، راجہ بازار میں تاجروں کی طرف سے دی جانے والی افطاری کے موقع پر دعا کی جا رہی ہے

رواں سال میں 16,980 اوورلوڈنگ والی گاڑیوں کے چالان

اوورلوڈنگ والی گاڑیوں اور ٹریفک میں رکاوٹ کا باعث بننے والی ہر گاڑی کیخلاف ہر صورت کارروائی کی جائے

معمول کے علاوہ تعینات اضافی نفری ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں ، ایس ایس پی ٹریفک مظہر اقبال

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے اوورلوڈنگ کرنے والی اور ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ بننے والی گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی جاری رکھتے ہوئے رواں سال 16,980 اوورلوڈنگ والی گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی کے تحت چالان ٹکٹ جاری کئے ہیں۔ جب کہ ایس ایس پی ٹریفک مظہر اقبال نے کہا کہ، اوورلوڈنگ والی گاڑیوں اور ٹریفک میں رکاوٹ کا باعث بننے والی ہر گاڑی کے خلاف ہر صورت کارروائی کی جائے، معمول کے علاوہ تعینات اضافی نفری ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور اسپیشل انفورسمنٹ اسکواڈ ٹریفک قوانین پر عملداری کو مزید موثر بنائیں۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی اسلام آباد محمد احسن یونس (بقیہ نمبر 52)

سرگودھا، سب انسپکٹر پر دھاوا، وکلا اور ان کے منشیوں سمیت 20 افراد کیخلاف مقدمہ درج

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں پولیس سب انسپکٹر پر دھاوا بول کر سرکاری وردی و دستاویزات چھاڑ دینے اور پرس، گھڑی چھین لینے پر وکلا اور ان کے منشیوں سمیت 20 افراد کیخلاف مقدمہ درج کر لیا گیا جس میں پولیس ملزمان کی گرفتاری میں چھاپے مارتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کی تحصیل سلانوالی کے شاہین آباد چوک میں کسی مقدمہ پر پولیس اور وکلا میں تلخ کلامی کے بعد علاقہ مجسٹریٹ کی عدالت (بقیہ نمبر 54)

رمضان المبارک کے مہینے میں سرکاری دفاتر کے لئے اوقات کار مقرر

پشاور (اے ایف بی): خیبر پختونخوا حکومت نے رمضان المبارک کے دوران صوبائی سرکاری دفاتر کے لئے دفتری اوقات کار کا اعلامیہ جاری کر دیا، ہفتے میں پانچ روز کھلے رہنے والے سرکاری دفاتر کے لئے اوقات کار پیر سے جمعرات تک صبح دس بجے سے چار بجے تک جبکہ جمعہ کے روز صبح دس بجے تا ایک بجے ہونگے، اسی طرح ہفتے میں چھ دن کھلے رہنے والے سرکاری دفاتر کے لئے اوقات کار پیر تا جمعرات اور ہفتہ کے روز صبح دس بجے سے تین بجے تک جبکہ جمعہ کے روز یہ دفاتر صبح دس سے ایک بجے تک کھلے رہیں گے۔ اس امر کا اعلان ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ حکومت (بقیہ نمبر 55)

پنجاب اسمبلی کسی کے باپ کی جاگیر نہیں، عظمیٰ بخاری

آج کا اجلاس ملتوی کرنا غیر آئینی اور غیر قانونی ہے، عطا تارڑ

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان مسلم لیگ ن پنجاب کی ترجمان عظمیٰ بخاری کا کہنا ہے کہ پنجاب اسمبلی کسی کے باپ کی جاگیر نہیں ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اسپیکر صاحب بری طرح بے نقاب ہو گئے ہیں۔ اس سے قبل مسلم لیگ ن کے رہنما عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ آج کا اجلاس ملتوی کرنا غیر آئینی (بقیہ نمبر 53)

پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر نو پارکنگ میں کھڑی گاڑی کو اٹھایا جا رہا ہے

عمران خان نے ملک کو انتشار کی جانب دھکیل دیا، شہباز شریف

امید ہے سپریم کورٹ آئین کو برقرار رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صدر میاں محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ عمران خان نے ملک کو انتشار کی جانب دھکیل دیا ہے، امید ہے سپریم کورٹ آئین کو برقرار رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے اپنی ٹوئٹ میں کہا کہ یہ کسی بڑی غداری سے کم نہیں، عمران خان نے ملک کو انتشار کی طرف دھکیل دیا ہے، نیازی اور ان کے ساتھیوں کو کھلا راستہ نہیں دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آئین کی صریح اور ڈھٹائی سے خلاف ورزی کے نتائج برآمد ہوں گے، امید ہے سپریم کورٹ آئین کو برقرار رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی۔

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035